نام کتاب	(۱) دلائل الخیرات (۲) دُعائے حزب البحر
تصنیف	(۱) حضرت شیخ ابُوعبداللہ محمّد بن سلیمان الجزولی (۲) حضرت شیخ سیّد ابُوالحسن شاذلی رحمہما اللہ تعالیٰ
ترجمہ	محمّد عبدالحکیم شرف قادری
کتابت	احمد علی بھٹہ زیدت معالیہ
باہتمام	حافظ قاری نثار احمد قادری سلمہ اللہ تعالیٰ
اشاعت	ماہ ربیع الاوّل ۱۴۲۴ھ / ۲۰۰۳ء
مطبع	
ہدیہ	

ملنے کا پتہ

مکتبہ قادریہ (محی الدین منزل) داتا دربار مارکیٹ۔ لاہور ph7226193:

برکاتی منزل بالمقابل یلم سکول　لالہ زار فیز ٹو، رائیونڈ روڈ ۔ لاہو

فہرست

درود ہزارہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا
مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفِ مَرَّةٍ
وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

١٤٢٤ھ

مقدّمہ از مترجم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

نَحْمَدُہٗ وَ نُصَلِّیْ وَنُسَلِّمُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْن

اللہ تعالیٰ کی ان گنت مخلوقات میں سرِ فہرست انسان ہے، غور کریں تو یہ کہنا پڑے گا کہ تمام مخلوقات انسان ہی کے لئے بنائی گئی ہیں، اب یہ ہمارے سوچنے کی بات ہے کہ ہم کیوں بنائے گئے ہیں؟ **اللہ** تعالیٰ فرماتا ہے:

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنَ

اور میں نے جنّ و انس کو صرف اس لئے پیدا کیا ہے کہ میری معرفت حاصل کریں اور میری عبادت کریں۔ مفسّرین کرام نے یَعْبُدُوْنَ کی تفسیر میں معرفت و عبادت دونوں کا ذکر کیا ہے

ایمان کے بعد سب سے اہم عبادت فرائض اور واجبات کا ادا کرنا اور نبی اکرم نُور مجسّم شفیعِ معظّم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی سُنّتوں پر عمل پیرا ہونا ہے، اس کے علاوہ جو شخص **اللہ** تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی اور باطن کی صفائی حاصل کرنا چاہتا ہے اور جس کی خواہش ہو کہ وُہ شیطان کے حملوں سے محفوظ رہے اسے چاہیے کہ **اللہ** تعالیٰ کا ذکر کرے، قرآن پاک کی تلاوت کرے، کثرت سے استغفار کرے اور رحمتِ عالم نُورِ مجسّم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی بارگاہ میں ہدیۂ صلوٰۃ و سلام پیش کرے اور **اللہ** تعالیٰ توفیق عطا فرمائے تو دلائل الخیرات پڑھا کرے۔ درُود شریف کے فضائل تو آپ "دلائل الخیرات شریف" میں ملاحظہ کرلیں گے آئندہ سطور میں دلائل اور صاحبِ دلائل کا مختصر تعارف پیش کیا جاتا ہے۔

اس کتاب کا پورا نام "دَلَائِلُ الْخَیْرَات وَشَوَارِق الْاَنْوَار فِی الصَّلٰوۃِ عَلَی النَّبِیِّ الْمُخْتَار" ہے (نبی مختار صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم پر درُود شریف بھیجنے میں بھلائیوں کے دلائل اور انوار کی جگمگاتی شعاعیں) حاجی خلیفہ کشف الظنون میں لکھتے ہیں کہ:

یہ کتاب آیۃٌ مِّنْ آیاتِ اللہ (اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی) ہے یہ مشرق و مغرب اور خاص طور پر رُوم کے شہروں میں باقاعدگی سے پڑھی جاتی ہے۔[1]

علامہ یُوسف بن اسمٰعیل نبہانی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

میں نے درُود شریف کے موضوع پر کئی کتابیں لکھی ہیں، لیکن ایک بہت ہی ضروری اور اہم کام رہ گیا اور وُہ ہے "دلائل الخیرات" کی خدمت، کیونکہ یہ کتاب دُرُود شریف کے موضوع پر بہت ہی مشہور اور کثیر الاشاعت ہے، اس کی ترتیب بہت عمدہ اور اس کا نفع بہت عظیم ہے۔[2]

سببِ تالیف

علامہ نبہانی نے اپنے مشائخ کے حوالے سے بیان کیا کہ امام جزولی نے یہ کتاب "فاس" میں لکھی، اس کی تالیف کا سبب یہ ہوا کہ ایک دن نماز کا وقت ہوگیا، امام جزولی وضو کرنے کے لئے کنوئیں پر تشریف لے گئے تو وہاں پانی نکالنے کے لئے کوئی چیز موجود نہ تھی، شیخ پریشان تھے کہ کیا کریں؟ اتنے میں ساتھ والے مکان کی بالائی منزل سے ایک بچّی نے دیکھا تو کہنے لگی، آپ کی نیکی اور ولایت کی شہرت ہر طرف پھیلی ہوئی ہے، اس کے باوجود آپ تھوڑا سا پانی حاصل کرنے کے لئے پریشان ہیں، اس لڑکی نے آکر کنوئیں میں اپنا لعاب ڈال دیا، حاضرین نے سر کی آنکھوں سے دیکھا کہ کنوئیں کا پانی اُبل کر باہر آگیا اور زمین پر بہنے لگا، شیخ نے وضو کیا اور اسے قسم دے کر پُوچھا کہ تمہیں یہ مقام کیسے حاصل ہوا؟ اس نے بتایا کہ اس ذاتِ اقدس پر بکثرت درود پاک بھیجنے کے سبب مجھے یہ مقام حاصل ہوا جو جنگل میں چلتی تو وحشی جانور ان کے دامن سے لپٹ جاتے تھے۔ یہ سُن کر شیخ نے پختہ ارادہ کیا کہ میں حضور سیدِ عالم سرورِ دو عالم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی بارگاہ میں پیش کرنے کے لئے درُود و سلام کی

---

[1] محمد مہدی الفاسی، علامہ، مطالع المسرات، عربی ص ۴۔ [2] یوسف بن اسمٰعیل نبہانی، علامہ: الدلالات الواضحات ص ۲۲۔

کتاب ضرور لکھوں گا، اور اس میں وُہ درود شریف بھی لکھوں گا جو وہ بچی پڑھا کرتی تھی، چنانچہ یہ کتاب لکھی جسے ایک دُنیا، "دلائل الخیرات" کے نام سے جانتی اور پڑھتی ہے۔

حضرت مولانا صوفی مُحمّد فاروق رحمانی رحمہ اللہ تعالیٰ (کراچی) نے ۱۳۷۳ھ ۱۹۵۳ء میں دلائل الخیرات کا ایک نسخہ بہت عمدہ خط کے ساتھ چھپوایا تھا اس نسخہ میں منزل ہفتم، بروز پیر ص ۲۹۴ پر "صلوٰۃ البیر" کی نشاندہی کی گئی ہے اور وُہ یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً دَائِمَۃً مَّقْبُوْلَۃً تُؤَدِّیْ بِھَا عَنَّا حَقَّہُ الْعَظِیْمَ۔

اجازت نامہ دلائل الخیرات

حضرت مولانا انعام الرحمٰن قدوسی رحمہ اللہ تعالیٰ نے مذکورہ بالا نسخے کے مقدمہ میں تحریر کیا ہے کہ حضرت شیخ ابُو عبداللہ مُحمّد بن سلیمان جزولی قدس اللہ سرہٗ نے دلائل الخیرات کی اجازت مرحمت فرمائی احمد کو، انہوں نے مُحمّد کو، انہوں نے احمد کو، انہوں نے سیّد عبدالرحمٰن کو، انہوں نے شیخ احمد نخلی کو، انہوں نے شیخ ابُوطاہر مکّی کو، انہوں نے شاہ ولی اللہ محدّث دہلوی کو، انہوں نے شاہ عبدالعزیز محدّث دہلوی رحمہم اللہ کو، انہوں نے شاہ آلِ رسُول مارہروی کو، انہوں نے شاہ ابُوالحسین احمد نُوری کو[1]، انہوں نے امام احمد رضا بریلوی کو، انہوں نے علامہ ابوالبرکات سیّد احمد قادری کو، انہوں نے راقم کو اجازت عطا فرمائی ___ اب راقم الحروف

(۱؎ مقدمہ دلائل ص ۷ - ۸)

محمد عبدالحکیم شرف قادری "دلائل الخیرات شریف" کی اجازت دیتا ہے۔

آداب

بندۂ مومن کے لئے ضروری ہے کہ بقدر حاجت علمِ دین حاصل کرے، شرکِ اکبر اور اصغر (ریاکاری) سے بچے اللہ تعالیٰ کے فرائض و واجبات ادا کرے، قرآنِ کریم کی تلاوت کرے، نبیِ اکرم سرورِ عالم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی تعلیمات اور سنّتوں پر عمل پیرا ہو، بندوں کے حقوق ادا کرے، پھر کثرت سے درود و سلام کا ہدیہ اللہ تعالیٰ کے حبیبِ مکرّم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی بارگاہِ ناز میں پیش کرے اور اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرمائے تو "دلائل الخیرات" باقاعدگی سے پڑھے اور دنیا و آخرت کے بے شمار فائدے حاصل کرے۔

درود پاک کے آداب میں سے یہ بھی ہے کہ مسواک کے ساتھ وضو کرے، پاک صاف کپڑے پہنے، خوشبو لگائے، قبلہ رُخ بیٹھ کر پوری توجّہ اور اخلاص کے ساتھ پڑھے کیونکہ حضورِ قلب کے بغیر عمل کی حیثیت وُہ ہوتی ہے جو بے جان لاشے کی ہوتی ہے، اگر خواب میں حضور سیّد العالمین صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی زیارت ہوئی ہے تو آپ کی بے مثال صورتِ مبارکہ کا تصوّر کرے ورنہ یہ تصوّر کرے کہ آپ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم حیاتِ ظاہرہ میں تشریف فرما ہیں اور میں آپ کی بارگاہ میں بصد تعظیم و اجلال اور ہیبت وحیاء حاضر ہوں اور ہدیۂ صلوٰۃ و سلام پیش کر رہا ہوں۔ یہ نیّت کرے کہ میں اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے حبیب صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کا حق ادا کر رہا ہوں، اللہ تعالیٰ اس درود پاک کے صدقے مجھے اپنے حبیب اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کا دیدار عطا فرمائے اور آپ کے انوار و تجلّیات، فیوض و برکات اور جذبات و واردات کا صدقہ ہمیں بھی عطا فرمائے۔

دلائل الخیرات پڑھنے کا طریقہ

امام جزولی رحمہ اللہ تعالیٰ نے بسم اللہ شریف اور خطبہ کے بعد مقصد تالیف بیان کیا ہے، پھر ایک فصل میں دُرود پاک کے فضائل بیان کئے ہیں، اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے دو سو ایک اسماءِ مُبارکہ بیان کئے ہیں، بہتر یہ ہے کہ ہر اسمِ مُبارک سے پہلے سیدنا کا اضافہ کیا جائے اور ہر اسمِ مُبارک کے ساتھ درود شریف پڑھا جائے، کسی بزرگ نے ان اسماءِ مُبارکہ سے پہلے اللہ تعالیٰ کے اسماءِ حسنیٰ بھی شامل کر دئے ہیں، اس کے بعد کتاب کو آٹھ حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے، ہر حصّے کو حزب (منزل) کا نام دیا گیا ہے، اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرمائے تو ہر روز پوری دلائل الخیرات شریف پڑھیں، ایسا نہ ہو سکے تو ہفتے میں مکمّل کی جائے۔

پیر کے دن "فصلٌ فی کیفیّۃ الصّلوٰۃ علَی النّبی صلّی اللہ علیہ وسلّم" سے شروع کی جائے، آئندہ پیر کو آٹھواں حزب پڑھ کر اسی دن پہلا حزب پڑھا جائے، دُرود شریف کے فضائل اور اسماءِ حسنیٰ اور اسماءِ مُبارکہ ہر روز پڑھے جائیں تو بہتر ورنہ کبھی کبھی پڑھ لیں تاکہ ذوق شوق میں ترقّی ہو۔

صاحبِ دلائل الخیرات رحمہ اللہ تعالیٰ

امام علّامہ قطب زمانہ اَبُو عبد اللہ سید مُحمّد سُلیمان جزولی سملالی حسنی رحمہ اللہ تعالیٰ ۸۰۷ھ ۱۴۰۴ء[1] میں بمقام سوس اقصی (مراکش) میں پیدا ہوئے۔ آپ حسنی سادات میں سے تھے اور بربر قوم کے قبیلہ جزولہ کی شاخ سملالہ سے تعلّق رکھتے تھے۔ کچھ عرصہ وطن میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد فاس چلے گئے اور مدرسۃ الصفّارین میں داخل ہو گئے، جہاں ان کا رہائشی حجرہ آج بھی محفوظ ہے۔[2] کہتے ہیں کہ انہوں نے فاس ہی میں کتاب مُبارک دلائل الخیرات لکھی۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ انہوں نے جامع قرولین (فاس) کے کتب خانہ کی کتابوں سے استفادہ کر کے یہ کتاب ترتیب دی۔

پھر فاس سے ساحل تشریف لائے، تو یکتائے زمانہ شیخ اَبُو عبد اللہ مُحمّد بن عبد اللہ امغار الصغیر رحمہ اللہ تعالیٰ کے دستِ اقدس پر بیعت ہوئے اور چودہ سال تک خلوت گزینی اختیار

---

[1] خیر الدین زرکلی: الاعلام (طبع بیروت) ج ۶، ص ۱۵۱ [2] محمد بن شنب: دائرۃ المعارف ج ۷، ص ۲۲

کر کے عبادت و ریاضت اور منازل سلوک طے کرنے میں مصروف رہے۔ پھر آسفی میں خلقِ خدا کی راہنمائی اور مُریدین کی تربیّت کا کام شروع کیا۔ بے شمار لوگوں نے آپ کے ہاتھ پر توبہ کی۔ آپ کا چرچا دُور دراز تک پہنچا۔ حیرت انگیز خوارق اور بڑی بڑی کرامات ظاہر ہوئیں۔ مریدین کی تعداد بارہ ہزار سے تجاوز کر گئی۔ آپ کے کثیر التعداد خلفاء میں سے صرف دو حضرات کے نام ملتے ہیں :

۱۔ شیخ ابُو عبداللہ محمّد الصغیر السہلی ۔ ۲ ۔ شیخ ابُو محمّد عبدالکریم المنذری رحمہما اللہ تعالیٰ ۔

حضرت شیخ جزولی مذہباً مالکی تھے، طریقۃً شاذلی تھے۔

آسفی کے حاکم نے یہ خیال کر کے کہ یہ وہی فاطمی (یعنی امام مہدی) ہیں، جن کا انتظار کیا جا رہا ہے، آپ کو زہر دے دیا۔ چنانچہ ۱۶ ربیع الاوّل ۸۷۰ھ / ۱۴۶۵ء کو آفرغال میں صبح کی نماز کی پہلی رکعت کے دُوسرے سجدے یا دُوسری رکعت کے پہلے سجدے میں آپ نے جامِ شہادت نوش کیا

آپ کے وصال کے ۷۷ سال بعد سلطان ابُو العباس احمد المعروف بہ الاعرج مراکش میں داخل ہوا، تو اس نے آپ کے جسدِ مُبارک کو لے جا کر مراکش کے قبرستان ریاض الفردوس میں دفن کیا اور اس پر گنبد تعمیر کیا، یہ مقبرہ آج بھی موجود ہے۔

جب آپ کا جسدِ خاکی نکالا گیا، تو طویل عرصہ گزر جانے کے باوجود اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی تھی۔ ایک شخص نے آپ کے چہرے پر انگلی رکھی، تو اس کی حیرت کی انتہا نہ رہی، اس جگہ سے خُون ہٹ گیا اور جب اُنگلی اُٹھائی تو پھر اپنی جگہ لوٹ آیا جیسے زندوں میں ہوتا ہے۔ حضور نبی کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کی بارگاہ میں بکثرت درود و سلام پیش کرنے کی برکت سے آپ کی قبرِ انور سے خوشبو آتی ہے۔

دلائل الخیرات کی کتابت فاضل علاّمہ مولانا عبدالرزاق فریدی زیدہ مجدہ نے کروائی ہے، ان کی اجازت سے عربی کتابت کا عکس لے کر راقم الحروف کا ترجمہ شامل کیا گیا ہے۔ جناب خطّاط العصر احمد علی بھٹہ زید لطفہٗ نے بڑی محنت اور عقیدت و لطافت سے عربی اور اُردو ترجمہ کی کتابت کی ہے۔ راقم ان دونوں حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہے، **اللہ** تعالیٰ انہیں اجرِ عظیم عطا فرمائے۔ اور ہم سب کو سرکارِ دو عالم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کی خوشنودی اور شفاعت نصیب فرمائے۔ آمین۔

محمد عبدالحکیم شرف قادری

۱۵ شوال المکرّم ۱۴۲۳ھ

دلائل الخیرات شریف پڑھنے کا طریقہ

دلائل الخیرات کی پہلی منزل پیر کے دن شروع کریں اور اَعُوْذُ سے لے کر پہلی منزل کے آخر تک پڑھیں، آئندہ پیر کو آٹھویں منزل پڑھ کر پھر پہلی منزل بھی پڑھیں

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○

میں اللہ تعالٰی کی پناہ مانگتا ہوں مردود شیطان سے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان بہت رحم والا ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ ط سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ط وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ط نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ○ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

میں اللہ تعالٰی اپنے رب سے ہر گناہ کی معافی مانگتا ہوں اور اس کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں۔ اللہ (ہر عیب سے) پاک ہے اور سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، اور اللہ سب سے بڑا ہے اور گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیک کام کی قوت صرف اللہ کی طرف سے ہے جو عالی شان اور عظمت والا ہے، ہمیں اللہ کافی ہے اور وہ بہترین کارساز، بہترین حمایتی اور خوب مددگار ہے۔ (تین مرتبہ پڑھیں)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان بہت رحم والا ہے

قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ ○ لَآ اَعْبُدُ مَا

اے حبیب! آپ فرما دیجیے کہ اے کافرو! میں ان بتوں کی عبادت نہیں کرتا

تَعْبُدُوْنَ ۝ لا وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ ج
جن کی تم عبادت کرتے ہو۔ اور نہ تم اس خدا کی عبادت کرتے ہو جس کی میں عبادت کرتا ہوں

وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ لا وَلَآ اَنْتُمْ
اور میں اس کی عبادت نہیں کروں گا جس کی تم عبادت کرتے ہو۔ اور نہ تم اُس خدا کی عبادت

عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ ط لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝ ع
کرو گے جس کی میں عبادت کرتا ہوں۔ تمہارے لئے تمہارا دین اور میرے لئے میرا دین۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان بہت رحم والا۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ ج اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ ج لَمْ
آپ فرما دیجیے وہ اللہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی

يَلِدْ ۵ لا وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ لا وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ
کوئی اولاد اور نہ وہ کسی کی اولاد اور نہ کوئی اس کا

كُفُوًا اَحَدٌ ۝ ع (ثَلٰثَ مَرَّاتٍ)
ہمسر
تین مرتبہ پڑھیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان بہت رحم والا۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ لا مِنْ شَرِّ مَا
آپ فرما دیجیے میں پناہ لیتا ہوں صبح کے رب کی۔ اس کی ہر مخلوق کے

خَلَقَ ۝ لا وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ لا
شر سے اور اندھیرا ڈالنے (چاند) کے شر سے جب وہ غروب ہو

وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ لا وَمِنْ
اور گرہوں (گنڈوں) میں پھونک مارنے والیوں کے شر سے اور حسد

شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝ع

کرنے والے کے شر سے جب وہ مجھ سے حسد کرے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، بہت رحم والا ہے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝لا مَلِكِ النَّاسِ ۝لا

آپ فرما دیجیے! میں اس کی پناہ لیتا ہوں جو تمام انسانوں کا رب ہے، سب لوگوں کا بادشاہ

اِلٰهِ النَّاسِ ۝لا مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝

سب لوگوں کا خدا ہے اس کے شر سے جو دل میں بُرے خیال ڈالے اور دبک رہے

الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ

وہ جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے جنّات میں سے

الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝ع

ہو یا انسانوں سے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان بہت رحم والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝لا اَلرَّحْمٰنِ

سب تعریفیں اللہ کے لئے جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے، نہایت مہربان

الرَّحِیْمِ ۝لا مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ط اِیَّاكَ

بہت رحم والا جزا کے دن کا مالک، ہم تیری ہی عبادت

نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۝ط اِهْدِنَا

کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔ ہمیں ہمیشہ

الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝لا صِرَاطَ الَّذِیْنَ

سیدھی راہ چلا ان کی لوگوں کی راہ

أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ
جن پر تو نے انعام فرمایا نہ ان کی جن پر
عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ اٰمِيْن ۝
غضب کیا گیا اور نہ گمراہوں کی ۔ قبول فرما۔
نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ

فاتحة الاوراد

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اللہ بہت ہی مہربان نہایت رحم والے کے نام سے۔
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اُقَدِّمُ اِلَيْكَ بَيْنَ يَدَيْ
اے اللہ میں تیری بارگاہ میں پیش کرتا ہوں
كُلِّ نَفَسٍ وَّلَمْحَةٍ وَّطَرْفَةٍ يَّطْرِفُ بِهَا
ہر سانس ہر لمحہ اور ہر پلک جھپکنے میں
اَهْلُ السَّمٰوٰتِ وَاَهْلُ الْاَرْضِ وَكُلُّ
کہ اسے آسمانوں والے اور زمین والے جھپکتے ہیں اور ہر
شَيْءٍ هُوَ فِيْ عِلْمِكَ كَائِنٌ اَوْ قَدْ كَانَ
وہ چیز جو تیرے علم میں ہونے والی ہے یا ہو چکی ہے
اُقَدِّمُ اِلَيْكَ بَيْنَ يَدَيْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ
میں تیری بارگاہ میں پیش کرتا ہوں ان سب سے پہلے

التَّهْلِيْل

کلمہ طیبہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ فِيْ
اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے نبی ہیں

كُلِّ لَمْحَةٍ وَّنَفَسٍ عَدَدَ مَاوَسِعَهٗ عِلْمُ اللّٰهِ

ہر لمحہ اور ہر سانس میں بشمار اس کے جو علم الٰہی میں ہے

اَلصَّلٰوةُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ الْعَظِيْمَةُ

اللہ بہت ہی مہربان نہایت رحم والے کے نام سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِ اللّٰهِ

اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری عظیم ذات

الْعَظِيْمِ الَّذِيْ مَلَأَ اَرْكَانَ عَرْشِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ

کے نور کے وسیلے سے جس نے تیری عظیم ذات کے عرش کے گوشوں کو

وَقَامَتْ بِهٖ عَوَالِمُ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ اَنْ تُصَلِّيَ

بھر دیا اور جس کی برکت سے تیری عظیم ذات کے جہان قائم ہوئے

عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ ذِي الْقَدْرِ

سوال یہ ہے کہ تو رحمت کاملہ نازل فرما ہمارے آقا و مولا بلند مرتبہ

الْعَظِيْمِ وَعَلٰٓى اٰلِ نَبِيِّ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ بِقَدْرِ

محمد مصطفٰے پر اور عظیم ذات اللہ کے نبی کی

عَظَمَةِ ذَاتِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ فِيْ كُلِّ لَمْحَةٍ

آل پر اللہ بزرگ و برتر کی ذات کی عظمت

وَّنَفَسٍ عَدَدَ مَا فِيْ عِلْمِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ

کے مطابق، ہر لمحے اور سانس میں بشمار اس کے

صَلَاةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ

جو اللہ عظیم کے علم میں ہے، ایسی رحمت جو اللہ عظیم

تَعْظِيْمًا لِحَقِّكَ يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدُ

کی ہمیشگی کے ساتھ ہمیشہ رہے، اے آپ کے حق کی تعظیم کے لیے ہے

یَا ذَا الْخُلُقِ الْعَظِیْمِ وَسَلِّمْ عَلَیْهِ وَعَلٰی

اے ہمارے آقا و مولا محمد مصطفٰے کریم اے عظیم

اٰلِهٖ مِثْلَ ذٰلِكَ وَاجْمَعْ بَیْنِیْ وَبَیْنَهٗ

خلق والے اور سلامتی نازل فرما آپ پر اور آپ کی

كَمَا جَمَعْتَ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالنَّفْسِ ظَاهِرًا

آل پر بےشمار معلوماتِ الٰہیہ کے، مجھے اور آپ کو جمع فرما

وَّبَاطِنًا یَقْظَةً وَّمَنَامًا وَّاجْعَلْهُ یَارَبِّ

جس طرح تُو نے رُوح اور نفس کو جمع فرمایا، ظاہر میں

رُوْحًا لِّذَاتِیْ مِنْ جَمِیْعِ الْوُجُوْهِ فِی الدُّنْیَا

اور پوشیدہ، بیداری اور نیند میں اور اے رب! آپ کو میری ذات

قَبْلَ الْاٰخِرَةِ یَا عَظِیْمُ

کے لئے رُوح بنا دے ہر اعتبار سے دُنیا میں آخرت سے پہلے اے عظیم!

استغفار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ كبیر

استغفار — اللہ بہت ہی مہربان نہایت رحم والے کے نام سے — کبیر

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِیْمَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

میں اللہ عظیم سے بخشش مانگتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں

هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ غَفَّارُ الذُّنُوْبِ

وہی زندہ ہے کائنات کو قائم رکھنے والا، گناہوں کا بخشنے والا،

ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ مِنْ

عظمت اور احسان والا اور میں اُس کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں

جَمِیْعِ الْمَعَاصِیْ كُلِّهَا وَالذُّنُوْبِ وَالْاٰثَامِ

تمام گناہوں، خطاؤں اور غلط کاریوں سے

وَمِنْ كُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُهٗ عَمَدًا اَوْخَطَاءً

اور ہر اس گناہ سے جو میں نے قصداً کیا یا غلطی سے،

ظَاهِرًا وَّ بَاطِنًا قَوْلًا وَّفِعْلًا فِيْ جَمِيْعِ

اعلانیہ کیا یا پوشیدہ، زبان سے یا اعضا سے، اپنی تمام

حَرَكَاتِيْ وَسَكَنَاتِيْ وَخَطَرَاتِيْ وَاَنْفَاسِيْ

حرکتوں، سکونوں، وسوسوں اور سانسوں

كُلِّهَا دَائِمًا اَبَدًا اَسْرَمَدًا مِّنَ الذَّنْبِ

میں تمام میں ہمیشہ ہمیشہ، اس گناہ سے

الَّذِيْٓ اَعْلَمُ وَمِنَ الذَّنْبِ الَّذِيْ لَآ اَعْلَمُ

جسے میں جانتا ہوں اور اس گناہ سے جسے میں نہیں جانتا

عَدَدَ مَا اَحَاطَ بِهِ الْعِلْمُ وَاَحْصَاهُ الْكِتٰبُ

بشمار اس کے جس کا علم نے احاطہ کیا، کتاب نے اسے جمع کیا

وَخَطَّهُ الْقَلَمُ وَعَدَدَ مَآ اَوْجَدَتْهُ

اور قلم نے اسے لکھا اور اس کی تعداد میں جسے قدرت

الْقُدْرَةُ وَخَصَّصَتْهُ الْاِرَادَةُ وَمِدَادَ

نے پیدا کیا اور ارادے نے خاص کیا اور

كَلِمَاتِ اللّٰهِ كَمَا يَنْبَغِيْ لِجَلَالِ

اللہ کے کلمات کی مقدار کے برابر، جیسے کہ ہمارے رب کریم

وَجْهِ رَبِّنَا وَجَمَالِهٖ وَكَمَالِهٖ وَكَمَا

کی ذات کی بزرگی اور جمال و کمال کے لائق ہے

يُحِبُّ رَبُّنَا وَيَرْضٰى ۝

اور جیسے کہ ہمارا رب محبوب اور پسندیدہ رکھتا ہے۔

اَسْمَآءُ اللّٰهِ الْحُسْنٰى

اللہ تعالیٰ کے حسین و جمیل نام

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع جو بہت ہی مہربان نہایت رحم والا

هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ جَلَّ جَلَالُهٗ

وہ اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں۔

الرَّحْمٰنُ جَلَّ جَلَالُهٗ الرَّحِيْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ

بہت ہی رحم فرمانے والا، بزرگ اور برتر، بہت مہربان، بزرگ اور برتر

الْمَلِكُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْقُدُّوْسُ جَلَّ جَلَالُهٗ

بادشاہ اس کی عظمت بہت بڑی ہے بہت پاک

السَّلٰمُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْمُؤْمِنُ جَلَّ جَلَالُهٗ

سلامت رکھنے والا امن دینے والا

الْمُهَيْمِنُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْعَزِيْزُ جَلَّ جَلَالُهٗ

نگہبان سب پر غالب

الْجَبَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْمُتَكَبِّرُ جَلَّ جَلَالُهٗ

نقصان کا پورا کرنے والا بزرگی والا

الْخَالِقُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْبَارِئُ جَلَّ جَلَالُهٗ

ہر چیز کا پیدا کرنے والا مخلوق کا پیدا کرنے والا

الْمُصَوِّرُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْغَفَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ

صورت کا عطا فرمانے والا بہت بخشنے والا

الْقَهَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْوَهَّابُ جَلَّ جَلَالُهٗ

ہر چیز پر غالب بہت دینے والا

الرَّزَّاقُ جَلَّ جَلَالُهٗ
بڑا رزق عطا فرمانے والا

الْفَتَّاحُ جَلَّ جَلَالُهٗ
رحمت کے دروازے بہت کھولنے والا

الْعَلِيْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ
بڑا علم والا

الْقَابِضُ جَلَّ جَلَالُهٗ
بند کرنے والا

الْبَاسِطُ جَلَّ جَلَالُهٗ
کھولنے والا

الْخَافِضُ جَلَّ جَلَالُهٗ
پست کرنے والا

الرَّافِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ
بلند کرنے والا

الْمُعِزُّ جَلَّ جَلَالُهٗ
عزّت دینے والا

الْمُذِلُّ جَلَّ جَلَالُهٗ
ذلّت دینے والا

السَّمِيْعُ جَلَّ جَلَالُهٗ
بہت سُننے والا

الْبَصِيْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ
بہت دیکھنے والا

الْحَكَمُ جَلَّ جَلَالُهٗ
بڑا فیصلہ کرنے والا

الْعَدْلُ جَلَّ جَلَالُهٗ
بہت انصاف دینے والا

اللَّطِيْفُ جَلَّ جَلَالُهٗ
بڑا مہربان

الْخَبِيْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ
بڑا خبردار

الْحَلِيْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ
بڑا حلم والا

الْعَظِيْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ
عظمت والا

الْغَفُوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ
بڑا بخشنے والا

الشَّكُوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ
شکرگزاروں کو اجر دینے والا

الْعَلِيُّ جَلَّ جَلَالُهٗ
بلند اور برتر

الْكَبِيْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ
بزرگ اور برتر

الْحَفِيْظُ جَلَّ جَلَالُهٗ
بہت حفاظت فرمانے والا

اَلْمُقِيْتُ جَلَّ جَلَالُهُ اَلْحَسِيْبُ جَلَّ جَلَالُهُ
قوّت دینے والا کافی

اَلْجَلِيْلُ جَلَّ جَلَالُهُ اَلْكَرِيْمُ جَلَّ جَلَالُهُ
عظیم و جلیل بہت کرم کرنے والا

اَلرَّقِيْبُ جَلَّ جَلَالُهُ اَلْمُجِيْبُ جَلَّ جَلَالُهُ
نگہبان قبول کرنے والا

اَلْوَاسِعُ جَلَّ جَلَالُهُ اَلْحَكِيْمُ جَلَّ جَلَالُهُ
فراخی والا حکمت والا

اَلْوَدُوْدُ جَلَّ جَلَالُهُ اَلْمَجِيْدُ جَلَّ جَلَالُهُ
دوست رکھنے والا بزرگی والا

اَلْبَاعِثُ جَلَّ جَلَالُهُ اَلشَّهِيْدُ جَلَّ جَلَالُهُ
رسولوں کا بھیجنے والا گواہ

اَلْحَقُّ جَلَّ جَلَالُهُ اَلْوَكِيْلُ جَلَّ جَلَالُهُ
موجود برحق کارساز

اَلْقَوِيُّ جَلَّ جَلَالُهُ اَلْمَتِيْنُ جَلَّ جَلَالُهُ
بہت طاقت والا مضبوط

اَلْوَلِيُّ جَلَّ جَلَالُهُ اَلْحَمِيْدُ جَلَّ جَلَالُهُ
دوست حمد و ستائش والا

اَلْمُحْصِيْ جَلَّ جَلَالُهُ اَلْمُبْدِئُ جَلَّ جَلَالُهُ
احاطہ کرنے والا ابتداءً پیدا کرنے والا

اَلْمُعِيْدُ جَلَّ جَلَالُهُ اَلْمُحْيِيْ جَلَّ جَلَالُهُ
دوبارہ پیدا کرنے والا زندہ کرنے والا

اَلْمُمِيْتُ جَلَّ جَلَالُهُ اَلْحَيُّ جَلَّ جَلَالُهُ
موت دینے والا — زندہ و پائندہ

اَلْقَيُّوْمُ جَلَّ جَلَالُهُ اَلْوَاجِدُ جَلَّ جَلَالُهُ
تمام جہان کو قائم رکھنے والا — پانے والا

اَلْمَاجِدُ جَلَّ جَلَالُهُ اَلْوَاحِدُ جَلَّ جَلَالُهُ
عزت و مجد والا — تنہا جس کا کوئی شریک نہیں

اَلْاَحَدُ جَلَّ جَلَالُهُ اَلصَّمَدُ جَلَّ جَلَالُهُ
یگانہ — بے نیاز

اَلْقَادِرُ جَلَّ جَلَالُهُ اَلْمُقْتَدِرُ جَلَّ جَلَالُهُ
قدرت والا — قدرت والا

اَلْمُقَدِّمُ جَلَّ جَلَالُهُ اَلْمُؤَخِّرُ جَلَّ جَلَالُهُ
آگے کرنے والا — پیچھے کرنے والا

اَلْاَوَّلُ جَلَّ جَلَالُهُ اَلْاٰخِرُ جَلَّ جَلَالُهُ
سب سے پہلا — سب سے آخر

اَلظَّاهِرُ جَلَّ جَلَالُهُ اَلْبَاطِنُ جَلَّ جَلَالُهُ
ظاہر و آشکار — پوشیدہ

اَلْوَالِيُ جَلَّ جَلَالُهُ اَلْمُتَعَالِيُ جَلَّ جَلَالُهُ
دوست — برتر و بالا

اَلْبَرُّ جَلَّ جَلَالُهُ اَلتَّوَّابُ جَلَّ جَلَالُهُ
نیکوکار — بہت توبہ قبول کرنے والا

اَلْمُنْتَقِمُ جَلَّ جَلَالُهُ اَلْعَفُوُّ جَلَّ جَلَالُهُ
بدلہ لینے والا — بہت معاف کرنے والا

اَلرَّءُوْفُ جَلَّ جَلَالُهٗ
بہت مہربان

مَالِكُ الْمُلْكِ جَلَّ جَلَالُهٗ
ہر ملک کا مالک

ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ جَلَّ جَلَالُهٗ
بزرگی اور انعام والا

اَلْمُقْسِطُ جَلَّ جَلَالُهٗ
انصاف کرنے والا

اَلْجَامِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ
جمع کرنے والا

اَلْغَنِیُّ جَلَّ جَلَالُهٗ
بے نیاز

اَلْمُغْنِیْ جَلَّ جَلَالُهٗ
بے نیاز کرنے والا

اَلْمُعْطِیْ جَلَّ جَلَالُهٗ
عطا کرنے والا

اَلْمَانِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ
روکنے والا

اَلضَّآرُّ جَلَّ جَلَالُهٗ
نقصان دینے والا

اَلنَّافِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ
نفع دینے والا

اَلنُّوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ
نور

اَلْهَادِیْ جَلَّ جَلَالُهٗ
ہدایت دینے والا

اَلْبَدِيْعُ جَلَّ جَلَالُهٗ
نیا پیدا کرنے والا

اَلْبَاقِیْ جَلَّ جَلَالُهٗ
ہمیشہ رہنے والا

اَلْوَارِثُ جَلَّ جَلَالُهٗ
مالک

اَلرَّشِيْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ
درست تدبیر والا

اَلصَّبُوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ
بڑا تحمل کرنے والا

اَلسَّتَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ
پردہ داری کرنے والا

دُعَآءُ الِافْتِتَاحِ

دُعائے آغاز

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اللہ تعالیٰ بہت ہی مہربان نہایت رحم والے کے نام سے

وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ

اللہ تعالیٰ ہمارے آقا محمد مصطفےٰ اور آپ کی آل اور آپ کے صحابہ پر رحمت

وَسَلَّمَ ○ اِلٰھِیْ بِجَاہِ نَبِیِّکَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور سلامتی نازل فرمائے۔ اے اللہ! تیرے نبی ہمارے آقا و مولا محمد مصطفےٰ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عِنْدَکَ وَمَکَانَتِہٖ

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تیری بارگاہ میں مرتبے اور تیرے دربار میں

لَدَیْکَ وَمَحَبَّتِکَ لَہٗ وَمَحَبَّتِہٖ لَکَ ○ وَبِالسِّرِّ

مقام کے طفیل، تیری ان سے محبت اور ان کی تجھ سے محبت کے صدقے اور اس راز

الَّذِیْ بَیْنَکَ وَبَیْنَہٗ اَسْئَلُکَ اَنْ تُصَلِّیَ وَ

کے وسیلے سے جو تیرے اور ان کے درمیان ہے میری تجھ سے درخواست ہے

تُسَلِّمَ عَلَیْہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَضَاعِفْ

کہ تو آپ پر اور آپ کی آل پاک اور آپ کے صحابہ کرام پر رحمت و سلامتی نازل فرما

اَللّٰھُمَّ مَحَبَّتِیْ فِیْہِ وَعَرِّفْنِیْ بِحَقِّہٖ وَرُتَبِہٖ

اور اے اللہ! حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے میری محبت میں اضافہ فرما، مجھے آپکے حق اور مراتب کی معرفت

وَوَفِّقْنِیْ لِاِتِّبَاعِہٖ وَالْقِیَامِ بِاَدَبِہٖ وَسُنَّتِہٖ

عطا فرما مجھے آپ کی پیروی اور آپ کے ادب اور سنّت پر قائم رہنے کی توفیق عطا فرما۔

وَاجْمَعْنِي عَلَيْهِ وَمَتِّعْنِي بِرُؤْيَتِهِ وَ
مجھے آپ کی بارگاہ میں حاضری اور آپ کے دیدار کا شرف عطا فرما اور

أَسْعِدْنِي بِمُكَالَمَتِهِ وَارْفَعْ عَنِّي الْعَوَائِقَ
مجھے آپ سے ہم کلام ہونے کی سعادت فرما اور مجھ سے رکاوٹوں

وَالْعَلَائِقَ وَالْوَسَائِطَ وَالْحِجَابَ ○ وَشَنِّفْ
تعلّقات، واسطوں اور پردوں کو دُور فرما ۔ اور میرے کانوں کو

سَمْعِي مَعَهُ بِلَذِيذِ الْخِطَابِ ○ وَهَيِّئْنِي
آپ کے ساتھ کیا جانے والا دل کش خطاب سُنا ۔ اور مجھے ان سے

لِلتَّلَقِّي مِنْهُ وَأَهِّلْنِي لِخِدْمَتِهِ وَاجْعَلْ
استفادے کے لائق بنادے ۔ مجھے آپ کی خدمت کے قابل بنادے اور میں جو

صَلَوٰتِي عَلَيْهِ نُورًا نَيِّرًا كَامِلًا مُكَمَّلًا طَاهِرًا
آپ کی خدمت میں درُود شریف پیش کروں اسے چمکنے والا، کامل و مکمّل اور

مُطَهَّرًا مَاحِيًا كُلَّ ظُلْمٍ وَظُلْمَةٍ وَشَكٍّ
طاہر و مطہّر نور بنادے جو ہر ظلم، ہر اندھیرے، شک،

وَشِرْكٍ وَكُفْرٍ وَزُورٍ وَوِزْرٍ وَاجْعَلْهَا سَبَبًا
شرک، کفر، جھوٹ اور گناہ کو مٹادے اور اسے خالص کرنے کا

لِلتَّمْحِيصِ وَمَرْقًى لِأَنَالَ بِهَا أَعْلَىٰ مَقَامِ
سبب بنادے اور زینہ بنادے تاکہ میں اس کے ذریعے اخلاص

الْإِخْلَاصِ وَالتَّخْصِيصِ حَتّٰى لَا يَبْقٰى
اور خصوصیت کا اعلیٰ مقام حاصل کرلوں، یہاں تک کہ مجھ میں

فِي رَبَّانِيَّةٌ لِغَيْرِكَ وَحَتّٰى أَصْلُحَ لِحَضْرَتِكَ
تیرے غیر کی عبادت باقی نہ رہے اور یہاں تک کہ میں تیری بارگاہ کے لائق ہوجاؤں

وَاَكُوْنَ مِنْ اَهْلِ خُصُوْصِيَّتِكَ مُسْتَمْسِكًا
اور تیرے خاص بندوں میں شامل ہو جاؤں اور تیرے حبیب کے ادب
بِاَدَبِهٖ وَ سُنَّتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَ
اور سُنّت کو مضبوطی سے تھام لوں ، اللہ تعالیٰ آپ پر، آپ کی آل پاک
اَصْحَابِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ اَجْمَعِيْنَ فِيْ كُلِّ وَقْتٍ
اور آپ کے تمام صحابہ اور اہل بیت پر ہر وقت اور
وَّحِيْنٍ ۝ يَا اَللّٰهُ يَا نُوْرُ يَا حَقُّ يَا مُبِيْنُ ۝ (ثَلٰثًا)
ہر زمانے میں رحمتیں نازل فرمائے ۔ اے اللہ! اے نور! اے حق! اے مبین! (تین مرتبہ پڑھیں)

مُقَدِّمَةٌ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا
تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے اور صلوٰۃ و سلام ہمارے آقا
مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ ۝ قَالَ الشَّيْخُ الْاِمَامُ
محمّد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم اور آپ کی آل اور آپ کے صحابہ پر اور سلامتی نازل ہو، فرمایا شیخ امام
الْوَلِيُّ الْكَبِيْرُ الْقُطْبُ الشَّهِيْرُ سُلْطَانُ
عظیم ولی ، مشہور قطب ، مقربین کے
الْمُقَرَّبِيْنَ وَقُطْبُ دَائِرَةِ الْمُحَقِّقِيْنَ وَ
بادشاہ ، دائرہ محققین کے قطب ،
سَيِّدُ الْعَارِفِيْنَ صَاحِبُ الْكَرَامَاتِ الظَّاهِرَةِ
عارفین کے سردار ، ظاہر کرامات
وَالْاَسْرَارِ الْبَاهِرَةِ سَيِّدِيْ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدٌ
اور روشن اسرار والے ، سیّدی ابو عبد اللہ محمّد

ابْنُ سُلَيْمَانَ الْجَزُوْلِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ○

ابن سلیمان جزولی رضی اللہ تعالےٰ عنہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدٰنَا لِلْاِيْمَانِ وَالْاِسْلَامِ ○

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے جس نے ہمیں ایمان اور اسلام کی ہدایت فرمائی

وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور صلوٰۃ و سلام ہو اللہ تعالیٰ کے نبی محمد صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم پر

نَبِيِّهِ الَّذِي اسْتَنْقَذَنَا بِهِ مِنْ عِبَادَةِ

جن کے سبب سے اللہ تعالیٰ نے ہمیں بُت پرستی اور اصنام کی عبادت سے

الْاَوْثَانِ وَالْاَصْنَامِ ○ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهِ

بچایا اور آپ کے نجیب، متقی اور

النُّجَبَآءِ الْبَرَرَةِ الْكِرَامِ ○ وَبَعْدَ هٰذَا فَالْغَرَضُ

کریم اہل بیت اور صحابہ کرام پر حمد وصلوٰۃ کے بعد اس کتاب میں

فِيْ هٰذَا الْكِتٰبِ ذِكْرُ الصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

مقصود نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم پر صلوٰۃ اور اس

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفَضَآئِلِهَا نَذْكُرُهَا مَحْذُوْفَةَ

کے فضائل کا ذکر ہے ہم یہ فضائل سندوں کو حذف

الْاَسَانِيْدِ لِيَسْهُلَ حِفْظُهَا عَلَى الْقَارِئِ

کرکے ذکر کریں گے تاکہ پڑھنے والے کو یاد کرنے میں آسانی ہو

وَهِيَ مِنْ اَهَمِّ الْمُهِمَّاتِ لِمَنْ يُّرِيْدُ

اور درود شریف اللہ تعالیٰ کا قرب چاہنے والے کے لیے

الْقُرْبَ مِنْ رَّبِّ الْاَرْبَابِ ○ وَسَمَّيْتُهُ

اہم مقاصد میں سے ہے۔ اور میں نے اس

بِکِتَابِ دَلَائِلِ الْخَیْرَاتِ وَشَوَارِقِ الْاَنْوَارِ
کا نام دلائل الخیرات شوارق الانوار فی

فِیْ ذِکْرِ الصَّلٰوۃِ عَلَی النَّبِیِّ الْمُخْتَارِ ○ اِبْتِغَآءً
ذکر الصلٰوۃ علی النبی المختار رکھا۔ اللہ تعالیٰ کی

لِّمَرْضَاۃِ اللہِ تَعَالٰی وَمَحَبَّۃً فِیْ رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ
رضا طلب کرنے اور اس کے رسول کریم حضرت

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا ○
محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کے لیے

وَاللہُ الْمَسْئُوْلُ اَنْ یَّجْعَلَنَا لِسُنَّتِہٖ مِنَ
اللہ تعالیٰ ہی سے دعا ہے کہ ہمیں آپ کی سنت کی پیروی

التَّابِعِیْنَ ○ وَلِذَاتِہِ الْکَامِلَۃِ مِنَ الْمُحِبِّیْنَ ○
کرنے والا اور آپ کی ذات کاملہ کا محب بنائے۔

فَاِنَّہٗ عَلٰی ذٰلِکَ قَدِیْرٌ ○ لَآ اِلٰہَ غَیْرُہٗ وَلَا خَیْرَ
کیونکہ وہ اس پر قادر ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں،

اِلَّا خَیْرُہٗ وَھُوَ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ○
بھلائی وہی ہے جو اسکی طرف سے ہو، وہ بہترین ناصر و مددگار ہے۔

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○
گناہ سے بچنے اور نیکی کرنے کی طاقت اللہ تعالیٰ بزرگ و برتر کی تائید ہی سے ہے۔

فَصْلٌ فِیْ فَضْلِ الصَّلٰوۃِ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
یہ فصل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پاک بھیجنے کی فضیلت میں ہے

قَالَ اللہُ عَزَّوَجَلَّ۔ اِنَّ اللہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ
اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اللہ اور اس کے فرشتے

يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا

نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم پر درود بھیجتے ہیں۔ اے ایمان والو! تم ان پر درود

عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ○ وَيُرْوٰى اَنَّ رَسُوْلَ

بھیجو اور خُوب خُوب سلام بھیجو اور مروی ہے کہ ایک دن

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَآءَ ذَاتَ يَوْمٍ

رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم تشریف لائے، مسرّت کے آثار آپ

وَّالْبُشْرٰى تُرٰى فِيْ وَجْهِهٖ فَقَالَ اِنَّهٗ جَآءَنِيْ

کے چہرۂ انور میں دکھائی دے رہے تھے تو آپ نے فرمایا: میرے پاس

جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ لِيْٓ اَمَا تَرْضٰى

جبرائیل علیہ السّلام تشریف لائے اور کہا یا رسُول اللہ!

يَا مُحَمَّدُ اَنْ لَّا يُصَلِّيَ عَلَيْكَ اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِكَ

کیا آپ اس سے راضی نہیں؟ کہ آپ کا جو اُمتی آپ پر ایک بار درُود بھیجے گا

اِلَّا صَلَّيْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا وَّلَا يُسَلِّمُ عَلَيْكَ

میں اس پر دس دفعہ درُود بھیجوں گا اور آپ کا جو اُمّتی آپ پر ایک بار

اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِكَ اِلَّا سَلَّمْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا ○

سلام بھیجے گا، میں اس پر دس دفعہ سلام بھیجوں گا۔

وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَوْلَى

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا تمام لوگوں میں سب سے

النَّاسِ بِيْ اَكْثَرُهُمْ عَلَيَّ صَلٰوةً ○ وَقَالَ

زیادہ میرے قریب وُہ ہوگا جو سب سے زیادہ مجھ پر درود بھیجے گا۔ یہ بھی فرمایا:

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَّتْ

جو شخص مجھ پر درُود بھیجے گا جب تک درُود پڑھتا رہے گا

عَلَیْهِ الْمَلٰٓئِکَةُ مَادَامَ یُصَلِّیْ عَلَیَّ فَلْیُقَلِّلْ
فرشتے اس پر درود بھیجتے رہیں گے، اب چاہے وہ درود شریف کم بھیجے یا

عِنْدَ ذٰلِکَ اَوْ لِیُکْثِرْ ○ وَقَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ
زیادہ، یہ بھی فرمایا آدمی کے یہ بھی فرمایا: آدمی کے بخیل ہونے کے لیے

وَسَلَّمَ بِحَسْبِ الْمَرْءِ مِنَ الْبُخْلِ اَنْ اُذْکَرَ
یہ کافی ہے کہ اس کے پاس میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ

عِنْدَهٗ وَلَا یُصَلِّیْ عَلَیَّ ○ وَقَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ
پر درود نہ بھیجے حضور انور صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہٖ وسلّم

وَسَلَّمَ اَکْثِرُوا الصَّلٰوةَ عَلَیَّ یَوْمَ الْجُمُعَةِ ○
نے فرمایا کہ جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو۔

وَقَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ
سرکارِ دوعالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلّم نے یہ بھی فرمایا میرے جس اُمّتی نے مجھ پر

مِنْ اُمَّتِیْ مَرَّةً وَّاحِدَةً کُتِبَتْ لَهٗ عَشْرُ
ایک بار درود بھیجا اس کی دس نیکیاں لکھی گئیں اور

حَسَنَاتٍ وَّمُحِیَتْ عَنْهُ عَشْرُ سَیِّاٰتٍ ○
دس گناہ مٹائے گئے

وَقَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ حِیْنَ
اور سیّدِ عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہٖ وسلّم نے یہ بھی فرمایا جو شخص اذان و اقامت

یَسْمَعُ الْاَذَانَ وَالْاِقَامَةَ ○ اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ
سن کر کہے اے اللہ! اس جامع و کامل دعا

الدَّعْوَةِ التَّآمَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَآئِمَةِ اٰتِ
اور قائم ہونے والی نماز کے رب! حضرت

مُحَمَّدَ نِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ
محمد مصطفٰے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو وسیلہ اور فضیلت بلند درجہ عطا
الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِىْ وَعَدْتَّهٗ
فرما اور آپ کو مقام محمود پر فائز فرما جس کا تو نے آپ
حَلَّتْ لَهٗ شَفَاعَتِىْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ○ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ
سے وعدہ کیا ہے، قیامت کے دن اس کیلئے میری شفاعت ثابت ہوگی ۔ یہ بھی فرمایا
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَىَّ فِىْ كِتَابٍ لَّمْ تَزَلِ
کہ جس نے کسی کتاب میں مجھ پر درود بھیجا، فرشتے اس پر درود
الْمَلٰٓئِكَةُ تُصَلِّىْ عَلَيْهِ مَادَامَ اسْمِىْ فِىْ ذٰلِكَ
بھیجتے رہیں گے جب تک میرا نام اس کتاب میں رہے
الْكِتَابِ ○ وَقَالَ اَبُوْ سُلَيْمَانَ الدَّارَانِىُّ مَنْ
گا ۔ حضرت ابو سلیمان دارانی نے فرمایا جو شخص
اَرَادَ اَنْ يَّسْئَلَ اللّٰهَ حَاجَتَهٗ فَلْيُكْثِرْ
اللہ تعالیٰ سے حاجت مانگنا چاہے، اسے چاہیے کہ
بِالصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بکثرت درود شریف بھیجے
ثُمَّ يَسْئَلُ اللّٰهَ حَاجَتَهٗ وَلْيَخْتِمْ بِالصَّلٰوةِ
پھر اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت مانگے، آخر میں بھی
عَلَى النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنَّ اللّٰهَ
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف بھیجے کیوں کہ
يَقْبَلُ الصَّلٰوتَيْنِ وَهُوَ اَكْرَمُ مِنْ اَنْ يَّدَعَ مَا
اللہ تعالیٰ اول و آخر درود شریف قبول فرمائے گا اور اس کے کرم سے بعید ہے

بَیْنَهُمَا۔ وَرُوِیَ عَنْهُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
کہ ان کے درمیان والی دعا قبول نہ فرماتے۔ اور نبی اکرم صلّی اللّٰہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے

اَنَّهُ قَالَ مَنْ صَلَّی عَلَیَّ یَوْمَ الْجُمُعَةِ مِائَةَ
مروی ہے کہ جس شخص نے جُمعہ کے دن مجھ پر سو مرتبہ درود

مَرَّةٍ غُفِرَتْ لَهُ خَطِیْئَةُ ثَمَانِیْنَ سَنَةً۔
بھیجا اس کے اَسّی سال کے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔

وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ
اور حضرت ابُو ہریرہ رضی اللّٰہ عنہ سے مروی ہے کہ

اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِلْمُصَلِّیْ
رسُول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا مجھ پر درود بھیجنے

عَلَیَّ نُوْرٌ عَلَی الصِّرَاطِ وَ مَنْ کَانَ عَلَی
والے کے لیے پُل صراط پر ایک نُور ہو گا اور جو

الصِّرَاطِ مِنْ اَهْلِ النُّوْرِ لَمْ یَکُنْ مِّنْ اَهْلِ
پُل صراط پر نُور والا ہو گا وہ جہنّمی نہیں ہو گا

النَّارِ۔ وَقَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَّسِیَ
اور رسُول اکرم صلّی اللّٰہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا جو مجھ پر

الصَّلٰوةَ عَلَیَّ فَقَدْ اَخْطَاَ طَرِیْقَ الْجَنَّةِ وَ
درُود بھیجنا بھول گیا، بے شک وہ جنّت کے راستے سے

اِنَّمَا اَرَادَ بِالنِّسْیَانِ التَّرْكَ وَاِذَا کَانَ
ہٹ گیا، بھُولنے سے مُراد چھوڑنا ہے، اور جب چھوڑنے

التَّارِكُ یُخْطِئُ طَرِیْقَ الْجَنَّةِ کَانَ
والا راہِ جنّت سے ہٹ گیا ہے تو آپ پر

الْمُصَلِّیْ عَلَیْهِ سَالِکًا اِلَی الْجَنَّةِ ○ وَفِیْ
درود بھیجنے والا جنّت کی راہ پر چلنے والا ہے ۔ حضرت

رِوَایَةِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ رَّضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ
عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا

جَآءَنِیْ جِبْرِیْلُ عَلَیْهِ السَّلَامُ فَقَالَ یَا مُحَمَّدُ
میرے پاس جبرائیل امین علیہ السّلام آئے ، انہوں نے کہا ،

لَا یُصَلِّیْ عَلَیْكَ اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِكَ اِلَّا صَلّٰی
یا رسول اللہ ! آپ کا جو اُمتی آپ پر درود بھیجے گا اس پر

عَلَیْهِ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ وَّ مَنْ صَلَّتْ
ستّرہزار فرشتے درود بھیجیں گے اور جس پر فرشتے درود

عَلَیْهِ الْمَلٰٓئِکَةُ کَانَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ ○
بھیجیں وُہ جنّتی ہو گا ۔ اور

وَقَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَکْثَرُکُمْ عَلَیَّ
رسول اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا تم میں سے جو

صَلٰوةً اَکْثَرُکُمْ اَزْوَاجًا فِی الْجَنَّةِ ○ وَرُوِیَ
مجھ پر زیادہ درود بھیجے گا جنّت میں اس کی زیادہ بیویاں ہوں گی ۔ اور

عَنْهُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ مَنْ
نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا :

صَلّٰی عَلَیَّ صَلٰوةً تَعْظِیْمًا لِّحَقِّیْ خَلَقَ
جس نے میرے حق کی تعظیم کے لیے مجھ پر درود بھیجا

اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ مِنْ ذٰلِكَ الْقَوْلِ مَلَكًا لَّهٗ
اللہ تعالیٰ اس قول سے ایک فرشتہ پیدا فرماتا ہے، جس کا
جَنَاحٌ بِالْمَشْرِقِ وَالْاٰخَرُ بِالْمَغْرِبِ وَرِجْلَاهُ
ایک پر مشرق میں ہے اور دُوسرا مغرب میں اور اس کے
مَقْرُوْرَتَانِ فِى الْاَرْضِ السَّابِعَةِ السُّفْلٰى
پاؤں سب سے نچلی ساتویں زمین میں ٹھہرے ہوتے ہیں، اور اس
وَعُنُقُهٗ مُلْتَوِيَةٌ تَحْتَ الْعَرْشِ يَقُوْلُ
کی گردن عرش کے نیچے لپٹی ہوئی ہے۔
اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ لَهٗ صَلِّ عَلٰى عَبْدِىْ كَمَا صَلّٰى
اللہ تعالیٰ اسے فرماتا ہے میرے بندے پر دُرود بھیج جس طرح
عَلٰى نَبِيِّىْ فَهُوَ يُصَلِّىْ عَلَيْهِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ○
اس نے میرے نبی پر دُرود بھیجا ہے پس وہ اس بندے پر قیامت
وَرُوِىَ عَنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ
تک دُرود بھیجتا رہے گا۔ اور نبی مکرم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے مروی ہے
قَالَ لَيَرِدَنَّ عَلَىَّ الْحَوْضَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَقْوَامٌ
کہ آپ نے فرمایا میرے پاس حوض کوثر پر کئی ایسی جماعتیں آئیں گی جن کی
مَّا اَعْرِفُهُمْ اِلَّا بِكَثْرَةِ الصَّلٰوةِ عَلَىَّ ○ وَرُوِىَ
پہچان مجھے صرف اس لئے ہوگی کہ وہ مجھ پر بکثرت دُرود بھیجتے تھے۔ اور
عَنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ مَنْ
نبیِ اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا،
صَلّٰى عَلَىَّ مَرَّةً وَّاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا
جس نے مجھ پر ایک مرتبہ دُرود بھیجا اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ

مَرَّاتٍ وَّمَنْ صَلّٰى عَلَيَّ عَشْرَ مَرَّاتٍ صَلَّى اللّٰهُ

درود بھیجے گا ، اور جس نے مجھ پر دس مرتبہ درود بھیجا اللہ تعالیٰ اس

عَلَيْهِ مِائَةَ مَرَّةٍ وَّمَنْ صَلّٰى عَلَيَّ مِائَةَ

پر سو مرتبہ درود بھیجے گا اور جس نے مجھ پر سو مرتبہ

مَرَّةٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ اَلْفَ مَرَّةٍ وَّمَنْ

درود بھیجا اللہ تعالیٰ اس پر ہزار مرتبہ درود بھیجے گا اور جس

صَلّٰى عَلَيَّ اَلْفَ مَرَّةٍ حَرَّمَ اللّٰهُ جَسَدَهٗ

نے مجھ پر ہزار مرتبہ درود بھیجا ، اللہ تعالیٰ اس کا

عَلَى النَّارِ وَثَبَّتَهٗ بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي

جسم آگ پر حرام فرما دے گا اور اس کو دنیا اور

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ عِنْدَ الْمَسْاَلَةِ

آخرت میں سوال کے وقت قولِ ثابت کے ساتھ ثابت رکھے گا اور

وَاَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ وَجَاءَتْ صَلٰوتُهٗ عَلَيَّ

اسے جنت میں داخل فرمائے گا اور قیامت کے دن مجھ پر

نُوْرًا لَّهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلَى الصِّرَاطِ مَسِيْرَةَ

بھیجا ہوا اس کا درود اس حال میں آئے گا کہ اس کا نور

خَمْسِمِائَةِ عَامٍ وَّاَعْطَاهُ اللّٰهُ بِكُلِّ صَلٰوةٍ

پل صراط پر پانچ سو سال کی مسافت تک ہوگا اور اللہ تعالیٰ اسے

صَلَّاهَا عَلَيَّ قَصْرًا فِي الْجَنَّةِ قَلَّ ذٰلِكَ اَوْ

ہر درود کے بدلے جو اس نے مجھ پر بھیجا ہوگا جنت میں ایک محل عطا کرے گا ، یہ درود

كَثُرَ ○ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کم ہو یا زیادہ ۔ اور نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا :

مَا مِنْ عَبْدٍ صَلّٰى عَلَىَّ اِلَّا خَرَجَتِ الصَّلٰوةُ

جو بندہ مجھ پر درود بھیجتا ہے اس کا درود تیزی سے اس کے مُنہ

مُسْرِعَةً مِّنْ فِيْهِ فَلَا يَبْقٰى بَرٌّ وَّلَا بَحْرٌ وَّلَا

سے نکلتا ہے، پھر کوئی جنگل اور دریا مشرق اور مغرب باقی

شَرْقٌ وَّلَا غَرْبٌ اِلَّا وَتَمُرُّ بِهٖ وَتَقُوْلُ اَنَا

نہیں رہتا، مگر وہ درود وہاں گزرتا ہے اور کہتا ہے میں فلاں

صَلٰوةُ فُلَانِ ابْنِ فُلَانٍ صَلّٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ

ابن فلاں کا درود ہوں جسے اس نے اللہ تعالیٰ کی تمام مخلوق

الْمُخْتَارِ خَيْرِ خَلْقِ اللّٰهِ فَلَا يَبْقٰى شَيْءٌ اِلَّا

سے افضل حضرت محمد مصطفٰے پر بھیجا ہے، پس ہر چیز آپ پر

وَصَلّٰى عَلَيْهِ وَيُخْلَقُ مِنْ تِلْكَ الصَّلٰوةِ

درود بھیجتی ہے، اور اس درود سے ایک پرندہ پیدا

طَائِرٌ لَهٗ سَبْعُوْنَ اَلْفَ جَنَاحٍ فِيْ كُلِّ

کیا جاتا ہے جس کے ستّر ہزار بازو ہیں، ہر بازو میں

جَنَاحٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ رِيْشَةٍ فِيْ كُلِّ رِيْشَةٍ

ستّر ہزار پر ہیں ہر پر میں ستّر ہزار

سَبْعُوْنَ اَلْفَ رَاْسٍ فِيْ كُلِّ رَاْسٍ سَبْعُوْنَ

سر ہیں ہر سر میں ستّر ہزار

اَلْفَ وَجْهٍ فِيْ كُلِّ وَجْهٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ فَمٍ

منہ ہیں ہر منہ میں ستّر ہزار

فِيْ كُلِّ فَمٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ لِسَانٍ فِيْ كُلِّ

زبانیں ہوتی ہیں ہر زبان میں

لِسَانٍ يُّسَبِّحُ اللّٰهَ تَعَالٰى بِسَبْعِيْنَ اَلْفَ

زبانوں ہزار ستّر ہے کرتی تسبیح کی اللہ تعالیٰ

لُغَاتٍ وَّ يَكْتُبُ اللّٰهُ لَهٗ ثَوَابَ ذٰلِكَ كُلِّهٖ ۝

میں، اور اللہ تعالیٰ اس سب کا ثواب اس شخص کے لئے لکھ دیتا ہے۔

وَعَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے مروی

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا

مَنْ صَلّٰى عَلَىَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ مِائَةَ مَرَّةٍ

جس نے جمعہ کے دن مجھ پر سو مرتبہ

جَآءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَعَهٗ نُوْرٌ لَّوْ قُسِّمَ

درود بھیجا، وہ قیامت کے دن اس حال میں آئے گا کہ اس

ذٰلِكَ النُّوْرُ بَيْنَ الْخَلْقِ كُلِّهِمْ لَوَسِعَهُمْ ۝

کے ساتھ ایسا نُور ہو گا کہ اگر وہ نُور تمام مخلوق میں تقسیم

ذُكِرَ فِىْ بَعْضِ الْاَخْبَارِ مَكْتُوْبٌ عَلٰى سَاقِ

کر دیا جائے تو ان کے لئے کافی ہو، بعض روایات میں ہے کہ

الْعَرْشِ مَنِ اشْتَاقَ اِلَىَّ رَحِمْتُهٗ وَمَنْ

عرشِ عظیم کے پائے پر لکھا ہے جو میرا مشتاق ہو میں اس

سَاَلَنِىْ اَعْطَيْتُهٗ وَمَنْ تَقَرَّبَ اِلَىَّ بِالصَّلٰوةِ

پر رحم کروں گا اور جو مجھ سے مانگے گا میں اسے عطا کروں گا اور

عَلٰى حَبِيْبِىْ مُحَمَّدٍ غَفَرْتُ لَهٗ ذُنُوْبَهٗ وَلَوْ

جو میرے حبیب محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم پر درود بھیج کر میرا قرب

كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ ۔ وَرُوِيَ عَنْ بَعْضِ
چاہے گا میں اس کے گناہ بخش دوں گا اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔
الصَّحَابَةِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِيْنَ
بعض صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین سے مروی ہے:
أَنَّهُ قَالَ مَا مِنْ مَجْلِسٍ يُصَلّٰى فِيْهِ عَلٰى
جس مجلس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود
مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا قَامَتْ
بھیجا جاتا ہے اس سے پاکیزہ
مِنْهُ رَائِحَةٌ طَيِّبَةٌ حَتّٰى تَبْلُغَ عَنَانَ السَّمَاءِ
خوشبو اٹھتی ہے یہاں تک کہ آسمان کی بلندی تک پہنچتی
فَتَقُوْلُ الْمَلٰٓئِكَةُ هٰذَا مَجْلِسٌ صُلِّيَ فِيْهِ
ہے تو فرشتے کہتے ہیں یہ وہ مجلس ہے جس میں
عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔ ذُكِرَ فِيْ
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجا گیا ہے
بَعْضِ الْأَخْبَارِ أَنَّ الْعَبْدَ الْمُؤْمِنَ أَوِ الْأَمَةَ
بعض روایات میں ذکر کیا گیا ہے کہ جب ایماندار مرد یا عورت
الْمُؤْمِنَةَ إِذَا بَدَأَ بِالصَّلٰوةِ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف بھیجنا شروع
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ السَّمَآءِ وَ
کرتے ہیں تو ان کے لیے آسمانوں اور پردوں کے دروازے
السُّرَادِقَاتُ حَتّٰى إِلَى الْعَرْشِ فَلَا يَبْقٰى
عرش تک کھول دئیے جاتے ہیں آسمان کا

مَلَكٌ فِی السَّمٰوٰتِ اِلَّا صَلّٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ
ہر فرشتہ اللہ تعالیٰ کے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِذٰلِكَ الْعَبْدِ
بھیجتا ہے اور تمام فرشتے اس مرد یا عورت کے لئے دعاء مغفرت

اَوِ الْاَمَةِ مَاشَاءَ اللّٰهُ ۝ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ
کرتے ہیں، جس قدر اللہ کو منظور ہوتا ہے۔ حضور سید عالم

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عَسُرَتْ عَلَيْهِ حَاجَةٌ
نُورِ مجسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کے لئے کسی حاجت کا

فَلْيُكْثِرْ بِالصَّلٰوةِ عَلَيَّ فَاِنَّهَا تَكْشِفُ الْهُمُوْمَ
حصول مشکل ہو جائے اسے مجھ پر کثرت سے درود بھیجنا چاہیے، کیونکہ

وَالْغُمُوْمَ وَالْكُرُوْبَ وَتُكَثِّرُ الْاَرْزَاقَ وَتَقْضِي
درود پاک غم و آلام اور تکالیف کو دور کر دیتا ہے اور رزق کی کثرت

الْحَوَائِجَ ۝ وَعَنْ بَعْضِ الصّٰلِحِيْنَ اَنَّهٗ
اور حاجتوں کے پورا ہونے کا سبب ہے۔ بعض صالحین سے مروی ہے

قَالَ كَانَ لِيْ جَارٌ نَسَّاخٌ فَمَاتَ فَرَاَيْتُهٗ فِي
کہ میرا ایک پڑوسی کاتب تھا، وہ فوت ہوگیا تو میں نے اسے

الْمَنَامِ فَقُلْتُ لَهٗ مَا فَعَلَ اللّٰهُ بِكَ فَقَالَ
خواب میں دیکھا اور پوچھا اللہ تعالیٰ نے تیرے ساتھ کیا معاملہ فرمایا؟

غَفَرَ لِيْ فَقُلْتُ لَهٗ فِيْمَ ذٰلِكَ فَقَالَ كُنْتُ
اس نے کہا مجھے بخش دیا۔ میں نے پوچھا کس سبب سے؟ اس

اِذَا كَتَبْتُ اسْمَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
نے کہا کہ میں جب بھی کسی کتاب میں نبیِّ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم پاک

فِیْ کِتَابٍ صَلَّیْتُ عَلَیْهِ فَاَعْطَانِیْ رَبِّیْ مَا لَا

لکھا تھا تو اس کے ساتھ درود شریف ضرور پڑھتا تھا اللہ تعالیٰ نے مجھے ایسی

عَیْنٌ رَّاَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰی

نعمتیں دیں جو نہ تو کسی آنکھ نے دیکھیں نہ کسی کان نے سنیں اور نہ

قَلْبِ بَشَرٍ ○ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّهٗ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

ان کا تصور کسی انسانی دل پر گزرا ۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی کامل ایماندار

حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْهِ مِنْ نَّفْسِهٖ وَمَالِهٖ

نہیں ہوگا یہاں تک کہ میں اس کے نزدیک اس کی جان، مال، اولاد،

وَوَلَدِهٖ وَوَالِدِهٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ ○ وَفِیْ

والد اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں ۔ حضرت

حَدِیْثِ عُمَرَ اَنْتَ اَحَبُّ اِلَیَّ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے، یا رسول اللہ! آپ مجھے ہر شے

مِنْ کُلِّ شَیْءٍ اِلَّا نَفْسِیَ الَّتِیْ بَیْنَ جَنْبَیَّ

سے زیادہ محبوب ہیں، سوائے میری جان کے جو میرے دو پہلوؤں کے

فَقَالَ لَهٗ عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ لَا تَکُوْنُ

درمیان ہے ۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں فرمایا: تم اس

مُؤْمِنًا حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْكَ مِنْ نَّفْسِكَ

وقت تک کامل مومن نہیں ہوگے جب تک میں تمہارے نزدیک تمہاری جان سے

فَقَالَ عُمَرُ وَالَّذِیْ اَنْزَلَ عَلَیْكَ الْکِتَابَ

زیادہ محبوب نہیں ہو جاؤں گا ۔ حضرت عمر (رضی اللہ عنہ) نے عرض کیا: اس

لَاَنْتَ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ نَّفْسِی الَّتِیْ بَیْنَ

ذاتِ اقدس کی قسم جس نے آپ پر قرآن اُتارا! آپ میرے نزدیک میری جان سے بھی زیادہ محبوب

جَنْبَیَّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

ہیں جو میرے دو پہلوؤں کے درمیان ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وَسَلَّمَ اَلْاٰنَ یَا عُمَرُ تَمَّ اِیْمَانُکَ ○ وَقِیْلَ

نے فرمایا: عمر! اب تمہارا ایمان مکمل ہوا ہے۔ اور

لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَتٰی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ میں

اَکُوْنُ مُؤْمِنًا وَّفِیْ لَفْظٍ اٰخَرَ مُؤْمِنًا صَادِقًا

کب مومن ہوں گا؟ ایک روایت میں ہے میں مومن صادق کب ہوں گا؟

قَالَ اِذَا اَحْبَبْتَ اللّٰہَ فَقِیْلَ مَتٰی اُحِبُّ اللّٰہَ قَالَ

فرمایا جب تو اللہ تعالیٰ سے محبت رکھے گا عرض کیا گیا میں اللہ تعالیٰ سے کب محبت رکھوں گا؟

اِذَا اَحْبَبْتَ رَسُوْلَہٗ فَقِیْلَ مَتٰی اُحِبُّ رَسُوْلَہٗ

فرمایا جب تُو اس کے رسول سے محبت رکھے گا، عرض کیا گیا؛ اور اس کے رسول سے کب محبت رکھوں گا؟

قَالَ اِذَا اتَّبَعْتَ طَرِیْقَتَہٗ وَاسْتَعْمَلْتَ بِسُنَّتِہٖ

فرمایا جب تُو اُن کے طریقے کی پیروی کرے اُن کی سُنّت پر عمل کرے، ان کی محبت کی بنا پر کسی سے

وَاَحْبَبْتَ بِحُبِّہٖ وَاَبْغَضْتَ بِبُغْضِہٖ وَوَالَیْتَ

محبت اور ان کے بغض کی بنا پر کسی سے بغض رکھے اور ان کی دوستی

بِوَلَایَتِہٖ وَعَادَیْتَ بِعَدَاوَتِہٖ وَیَتَفَاوَتُ النَّاسُ

کی بنا پر دوستی اور ان کی دشمنی کی بنا پر دشمنی کرے

فِی الْاِیْمَانِ عَلٰی قَدْرِ تَفَاوُتِھِمْ فِیْ مَحَبَّتِیْ وَ

اور لوگ ایمان میں اتنے ہی مختلف ہوں گے جس قدر وہ میری محبت میں مختلف

یَتَفَاوَتُوْنَ فِی الْکُفْرِ عَلٰی قَدْرِ تَفَاوُتِہِمْ فِیْ بُغْضِیْ ۝
ہوں گے اور کفر میں اتنے ہی مختلف ہوں گے جس قدر میرے بغض میں

اَلَا لَآ اِیْمَانَ لِمَنْ لَّا مَحَبَّۃَ لَہٗ ۝ اَلَا لَآ اِیْمَانَ
مختلف ہوں گے۔ خبردار! اس کا ایمان نہیں جسے محبّت نہیں۔ خبردار! اس کا ایمان

لِمَنْ لَّا مَحَبَّۃَ لَہٗ ۝ اَلَا لَآ اِیْمَانَ لِمَنْ لَّا مَحَبَّۃَ
نہیں جسے محبّت نہیں۔ خبردار! اس کا ایمان نہیں جسے محبت

لَہٗ ۝ وَقِیْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ
نہیں۔ اور رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے عرض کیا گیا

وَسَلَّمَ نَرٰی مُؤْمِنًا یَّخْشَعُ وَمُؤْمِنًا لَّا
کہ ہم دیکھتے ہیں ایک ایماندار خشوع والا ہے اور ایک نہیں ہے

یَخْشَعُ مَا السَّبَبُ فِیْ ذٰلِکَ فَقَالَ مَنْ وَّجَدَ
اس کا سبب کیا ہے؟ فرمایا: جو اپنے ایمان کی مٹھاس پاتا

لِاِیْمَانِہٖ حَلَاوَۃً خَشَعَ وَمَنْ لَّمْ یَجِدْھَا
ہے خشوع کرتا ہے اور جو ایمان کی مٹھاس نہیں پاتا وہ خشوع نہیں کرتا

لَمْ یَخْشَعْ فَقِیْلَ بِمَ تُوْجَدُ اَوْ بِمَ تُنَالُ
عرض کیا گیا: وہ چاشنی کس سبب سے پائی جاتی ہے

وَتُکْتَسَبُ قَالَ بِصِدْقِ الْحُبِّ فِی اللّٰہِ
یا حاصل کی جاتی ہے؟ فرمایا: اللّٰہ تعالیٰ کی سچّی محبت سے، عرض

فَقِیْلَ وَبِمَ یُوْجَدُ حُبُّ اللّٰہِ اَوْ بِمَ یُکْتَسَبُ
کیا گیا کہ اللّٰہ تعالیٰ کی سچّی محبت کس سبب سے پائی جاتی ہے یا حاصل کی جاتی ہے؟

فَقَالَ بِحُبِّ رَسُوْلِہٖ فَالْتَمِسُوْا رِضَاءَ اللّٰہِ
فرمایا: اس کے رسول کی محبّت سے، لہٰذا تم اللّٰہ تعالیٰ اور اس کے رسول

وَرِضَاءَ رَسُوْلِهٖ فِيْ حُبِّهِمَا ۝ وَقِيْلَ لِرَسُوْلِ
کی رضا ان کی محبت میں تلاش کرو ۔ اور رسول اللہ صلی اللہ

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اٰلُ مُحَمَّدٍ
علیہ وآلہٖ وسلّم سے عرض کیا گیا کہ آلِ محمّد کون ہیں؟

الَّذِيْنَ اُمِرْنَا بِحُبِّهِمْ وَاِكْرَامِهِمْ وَالْبُرُوْرِ
جن کی محبت، تعظیم اور خدمت کا ہمیں حکم دیا گیا ہے

بِهِمْ فَقَالَ اَهْلُ الصَّفَاءِ وَالْوَفَاءِ مَنْ اٰمَنَ
فرمایا: صاف دل، باوفا جو مجھ پر

بِيْ وَاَخْلَصَ فَقِيْلَ لَهٗ وَمَا عَلَامَاتُهُمْ
مخلصانہ ایمان لائے ۔ عرض کیا گیا کہ ان کی علامتیں کیا ہیں؟

فَقَالَ اِيْثَارُ مَحَبَّتِيْ عَلٰى كُلِّ مَحْبُوْبٍ وَّاشْتِغَالُ
فرمایا: میری محبت کو ہر محبوب پر ترجیح دینا اور دل کو

الْبَاطِنِ بِذِكْرِيْ بَعْدَ ذِكْرِ اللّٰهِ ۝ وَفِيْ اُخْرٰى
اللہ تعالیٰ کے ذکر کے بعد میرے ذکر سے مشغول رکھنا، ایک اور

عَلَامَتُهُمْ اِدْمَانُ ذِكْرِيْ وَالْاِكْثَارُ مِنَ
روایت میں ہے ان کی علامت یہ ہے کہ ہمیشہ میرا ذکر کرتے ہیں اور

الصَّلٰوةِ عَلَيَّ ۝ وَقِيْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
مجھ پر بکثرت درود بھیجتے ہیں ۔ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ الْقَوِيُّ فِي الْاِيْمَانِ بِكَ
عرض کیا گیا کہ کون ہے جو آپ پر ایمان لانے میں قوی ہے؟

فَقَالَ مَنْ اٰمَنَ بِيْ وَلَمْ يَرَنِيْ فَاِنَّهٗ
فرمایا: جو مجھ پر دیکھے بغیر ایمان لایا ۔ بے شک وہ

مُؤْمِنٌ بِیْ عَلٰی شَوْقٍ مِّنْهُ وَصِدْقٍ فِیْ
اپنے شوق اور میری محبت میں سچائی کے ساتھ ایمان لایا اور
مَحَبَّتِیْ وَعَلَامَةُ ذٰلِكَ مِنْهُ اَنَّهٗ یَوَدُّ
اس کی علامت یہ ہے کہ وہ میری زیارت کی آرزو رکھتا
رُؤْیَتِیْ بِجَمِیْعِ مَا یَمْلِكُ ۞ وَفِیْ اُخْرٰی
ہے چاہے سب کچھ قربان کیوں نہ کرنا پڑے۔ ایک دوسری
مِلْءِ الْاَرْضِ ذَهَبًا ۞ ذٰلِكَ الْمُؤْمِنُ
روایت میں ہے کہ چاہے تمام زمین کا سونا خرچ کرنا پڑے۔ وہ مجھ پر
بِیْ حَقًّا وَّالْمُخْلِصُ فِیْ مَحَبَّتِیْ صِدْقًا ۞
پختہ ایمان رکھتا اور سچ مچ میری محبت میں مخلص ہے۔
وَقِیْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ
اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے عرض
وَسَلَّمَ اَرَءَیْتَ صَلٰوةَ الْمُصَلِّیْنَ
کیا گیا کہ آپ کی بارگاہ سے جو غائب ہیں اور جو آپ
عَلَیْكَ مِمَّنْ غَابَ عَنْكَ وَمَنْ یَّاْتِیْ
کے بعد آئیں گے، ان کے درود شریف کے متعلق
بَعْدَكَ مَا حَالُهُمَا عِنْدَكَ فَقَالَ
فرمائیے، آپ کے نزدیک ان کا کیا حال ہے؟ فرمایا:
اَسْمَعُ صَلٰوةَ اَهْلِ مَحَبَّتِیْ وَاَعْرِفُهُمْ
میں اپنی محبت والوں کا درود سنتا ہوں اور انہیں
وَتُعْرَضُ عَلَیَّ صَلٰوةُ غَیْرِهِمْ عَرْضًا ۞
پہچانتا ہوں اور دوسروں کا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔

اسمائے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم روزانہ اس طریقہ سے پڑھیں

اَلْاَسْمَاءُ النَّبَوِيَّةُ عَلٰى مُسَمَّاهَا الصَّلٰوةُ وَالسَّ
محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور تمام انبیاء و مرسلین پر اور اے وہ ذات
لِسَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
جس نے ہمارے آقا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو

الشَّفَاعَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ اَنْ
شفاعت اور بلند درجہ عطا کیا تو میرے تمام
تَغْفِرَ لِيْ ذُنُوْبِيْ وَتَسْتُرَ لِيْ عُيُوْبِيْ
گناہ بخش دے، میرے تمام عیبوں کو ڈھانپ دے،
كُلَّهَا وَتُجِيْرَنِيْ مِنَ النَّارِ وَتُوْجِبَ لِيْ
مجھے آگ سے پناہ دے اور میرے لیے اپنی
رِضْوَانَكَ وَاَمَانَكَ وَغُفْرَانَكَ
رضا، اپنی امان، اپنی بخشش، اپنا
وَاِحْسَانَكَ وَتُمَتِّعَنِيْ فِيْ جَنَّتِكَ
احسان لازم فرما اور مجھے اپنی جنّت میں نفع عطا فرما
مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيِّيْنَ
ان حضرات کے ساتھ جن کو تُو نے انعام دیا یعنی انبیاء،
وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصّٰلِحِيْنَ
صدّیقین شہداء اور صالحین کے ساتھ
اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ وَصَلَّى اللّٰهُ
بے شک تُو ہر ممکن چیز پر قادر ہے۔ اللّٰہ تعالیٰ ہمارے
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ مَا
آقا حضرت محمّد مصطفےٰ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم اور ان کی آل پر
اَزْعَجَتِ الرِّيَاحُ سَحَابًا رُّكَامًا وَّذَاقَ
رحمتیں نازل فرمائے جب تک ہوائیں گھرے بادلوں کو اٹھائیں اور
كُلُّ ذِيْ رُوْحٍ حِمَامًا وَّاَوْصِلِ السَّلَامَ
ہر جان دار موت کا ذائقہ چکھے، اور سلام پہنچا ان

لِاَهْلِ السَّلَامِ فِيْ دَارِ السَّلَامِ تَحِيَّةً

لوگوں کو جو جنّت میں سلامتی کے مستحق ہیں بطور تحفہ اور

وَّسَلَامًا ۝ اَللّٰهُمَّ اَفْرِدْنِيْ لِمَا

دُعائے سلامتی ۔ اے اللّٰہ! مجھے اس مقصد کے لیے مختص

خَلَقْتَنِيْ لَهٗ وَلَا تَشْغَلْنِيْ بِمَا تَكَفَّلْتَ

فرما جس کے لیے تُو نے مجھے پیدا کیا اور مجھے اس چیز میں مصروف

لِيْ بِهٖ وَلَا تَحْرِمْنِيْ وَاَنَا اَسْئَلُكَ وَلَا

نہ فرما جس کا تُو میرے لیے ضامن ہے اور مجھے محروم نہ فرما اس حال میں

تُعَذِّبْنِيْ وَاَنَا اَسْتَغْفِرُكَ ۝ (ثلثًا)

کہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تُو مجھے عذاب دے اس حال میں کہ میں تجھ سے مغفرت چاہتا ہوں (تین بار)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اے اللّٰہ! ہمارے آقا حضرت محمّد مصطفٰے صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم پر

عَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

رحمت و سلامتی نازل فرما ۔ اے اللّٰہ! بیشک میں تجھ سے سوال

وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِحَبِيْبِكَ الْمُصْطَفٰى

کرتا ہوں اور تیری طرف متوجّہ ہوتا ہوں، تیرے حبیب کریم صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

عِنْدَكَ يَا حَبِيْبَنَا يَا سَيِّدَنَا مُحَمَّدُ

کے وسیلہ سے جو تیری بارگاہ میں برگزیدہ ہیں، اے ہمارے محبوب! اے ہمارے آقا حضرت

اِنَّا نَتَوَسَّلُ بِكَ اِلٰى رَبِّكَ فَاشْفَعْ

محمّد مصطفٰے صلّی اللّٰہ علیہ وآلہٖ وسلّم! ہم آپ کو وسیلہ بناتے ہیں آپ کے رب کی بارگاہ میں،

لَنَا عِنْدَ الْمَوْلَى الْعَظِيْمِ يَا نِعْمَ

آپ ہمارے لیے مولائے عظیم کی بارگاہ میں شفاعت کیجیے!

الرَّسُوْلُ الطَّاهِرُ ○ اَللّٰهُمَّ شَفِّعْهُ فِيْنَا
اے بہت ہی اچھے رسولِ پاک ۔ اے اللہ! تیری بارگاہ میں انہیں جو مقام

بِجَاهِهٖ عِنْدَكَ ○ (ثَلٰثًا) وَاجْعَلْنَا مِنْ
حاصل ہے اس کی بدولت ان کی شفاعت ہمارے حق میں قبول فرما ۔ (تین بار پڑھے) اور ہمیں ان کی

خَيْرِ الْمُصَلِّيْنَ وَالْمُسَلِّمِيْنَ عَلَيْهِ ○ وَ
بارگاہ میں بہترین درود و سلام بھیجنے والوں ، ان کے بہترین

مِنْ خَيْرِ الْمُقَرَّبِيْنَ مِنْهُ وَالْوَارِدِيْنَ
مقرب ، ان کی خدمت میں حاضر ہونے

عَلَيْهِ وَمِنْ اَخْيَارِ الْمُحِبِّيْنَ فِيْهِ
ہونے والوں ، ان کے ساتھ بہترین محبت کرنے والوں اور ان کے

وَالْمَحْبُوْبِيْنَ لَدَيْهِ ○ وَفَرِّحْنَا بِهٖ
محبوبوں سے بنا ۔ اور ہمیں ان کے ذریعے

فِيْ عَرَصَاتِ الْقِيٰمَةِ ○ وَاجْعَلْهُ لَنَا
قیامت کے میدانوں میں فرحت عطا فرما ۔ اور انہیں ہمارے لیے

دَلِيْلًا اِلٰى جَنَّةِ النَّعِيْمِ بِلَا مَؤُنَةٍ وَّ
جنت نعیم کی طرف راہنما بنا ۔ بغیر محنت و مشقت کے

لَا مَشَقَّةٍ وَّلَا مُنَاقَشَةِ الْحِسَابِ
اور بغیر حساب کی کھود کرید کے ، اور انہیں ہم پر توجہ

وَاجْعَلْهُ مُقْبِلًا عَلَيْنَا ○ وَلَا تَجْعَلْهُ
فرمانے والا بنا ۔ اور انہیں ہم پر غضب ناک

غَاضِبًا عَلَيْنَا ○ وَاغْفِرْ لَنَا وَلِوَالِدِيْنَا
نہ بنا ۔ ہمیں ، ہمارے والدین اور

وَلِجَمِيْعِ الْمُسْلِمِيْنَ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ
تمام مسلمانوں کو بخش دے، خواہ وہ زندہ ہیں یا فوت
وَالْمَيِّتِيْنَ ۝ وَاٰخِرُ دَعْوٰنَا اَنِ
ہو گئے ہیں۔ ہماری دعا کا خاتمہ یہ ہے کہ
الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝
تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔

اِبْتِدَآءُ الرُّبْعِ الرَّابِعِ
چوتھے ربع کی ابتداء

فَاَسْئَلُكَ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ
میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے اللہ! اے اللہ! اے اللہ!
يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ
اے حیّ و قیّوم! اے بزرگی اور بخشش والے! تیرے
لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ
سوا کوئی معبود برحق نہیں ہے، تو پاک ہے
كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ اَسْئَلُكَ بِمَا
بے شک میں ظلم کرنے والوں میں سے ہوں۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں
حَمَلَ كُرْسِيُّكَ مِنْ عَظَمَتِكَ وَ
تیری عظمت، جلالت، نور اور قدرت و سلطنت کے طفیل
جَلَالِكَ وَبَهَآئِكَ وَقُدْرَتِكَ وَ
جن کی حامل تیری کرسی ہے
سُلْطَانِكَ وَبِحَقِّ اَسْمَآئِكَ الْمَخْزُوْنَةِ
اور تیرے ان پوشیدہ، مخفی اور پاک ناموں کے طفیل جن پر

الْمَكْنُوْنَةِ الْمُطَهَّرَةِ الَّتِىْ لَمْ يَطَّلِعْ
تیری مخلوق میں سے کوئی بھی
عَلَيْهَا اَحَدٌ مِّنْ خَلْقِكَ ۝ وَبِحَقِّ
آگاہ نہیں ہے۔ اور اس
الْاِسْمِ الَّذِىْ وَضَعْتَهٗ عَلَى اللَّيْلِ
نام کے طفیل جو تو نے رات پر رکھا
فَاَظْلَمَ وَعَلَى النَّهَارِ فَاسْتَنَارَ وَعَلَى
تو وہ تاریک ہوگئی اور دن پر رکھا تو وہ روشن ہوگیا اور
السَّمٰوٰتِ فَاسْتَقَلَّتْ ۝ وَعَلَى الْاَرْضِ
آسمانوں پر رکھا تو وہ مستحکم ہوگئے۔ اور زمین پر رکھا تو وہ
فَاسْتَقَرَّتْ ۝ وَعَلَى الْبِحَارِ فَانْفَجَرَتْ ۝
ٹھہر گئی۔ اور دریاؤں پر رکھا تو وہ جاری ہوگئے۔
وَعَلَى الْعُيُوْنِ فَنَبَعَتْ ۝ وَعَلَى السَّحَابِ
اور چشموں پر رکھا تو وہ اُبل پڑے۔ اور بادل پر رکھا تو وہ
فَاَمْطَرَتْ ۝ وَاَسْئَلُكَ بِالْاَسْمَاءِ
برسنے لگا۔ اور میں تجھ سے ان ناموں کے طفیل
الْمَكْتُوْبَةِ فِىْ جَبْهَةِ سَيِّدِنَا
سوال کرتا ہوں جو سیدنا
جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ ۝ وَبِالْاَسْمَاءِ
جبرائیل علیہ السّلام کی پیشانی پر لکھے ہوئے ہیں اور
الْمَكْتُوْبَةِ فِىْ جَبْهَةِ سَيِّدِنَا
ان ناموں کے طفیل جو سیدنا

اِسْرَافِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَعَلٰى جَمِيْعِ
اسرافیل علیہ السلام کی پیشانی پر لکھے ہوئے ہیں ان پر اور تمام

الْمَلٰٓئِكَةِ ○ وَاَسْئَلُكَ بِالْاَسْمَاۤءِ الْمَكْتُوْبَةِ
فرشتوں پر سلام ہو۔ اور میں تجھ سے ان ناموں کے طفیل سوال

حَوْلَ الْعَرْشِ وَبِالْاَسْمَاۤءِ الْمَكْتُوْبَةِ
کرتا ہوں جو عرش کے گرد لکھے ہوئے ہیں اور ان ناموں کے

حَوْلَ الْكُرْسِيِّ ○ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ
طفیل جو کرسی کے گرد لکھے ہوئے ہیں۔ اور میں تجھ سے تیرے عظیم

الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ الَّذِىْ سَمَّيْتَ بِهٖ
اسمِ اعظم کے طفیل سوال کرتا ہوں جو تُو نے اپنا نام رکھا اور

نَفْسَكَ وَاَسْئَلُكَ بِحَقِّ اَسْمَآئِكَ
میں تجھ سے تیرے تمام ناموں کے طفیل سوال کرتا ہوں خواہ

كُلِّهَا مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ ○
وُہ مجھے معلوم ہیں یا نہیں

وَاَسْئَلُكَ بِالْاَسْمَآءِ الَّتِىْ دَعَاكَ
اور میں تجھ سے ان ناموں کے طفیل سوال کرتا

بِهَا سَيِّدُنَا اٰدَمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ
ہوں جن کے ساتھ تجھے سیّدنا آدم علیہ السلام نے یاد کیا اور ان ناموں

الَّتِىْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا نُوْحٌ عَلَيْهِ السَّلَامُ
کے طفیل جن کے ساتھ تجھے سیّدنا نوح علیہ السلام نے

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِىْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا صَالِحٌ عَلَيْهِ
یاد کیا اور ان ناموں کے طفیل جن کے ساتھ تجھے سیّدنا صالح علیہ السلام

السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَیِّدُنَا
نے یاد کیا اور ان ناموں کے طفیل جن کے ساتھ تجھے
یَعْقُوْبُ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ
سیدنا یعقوب علیہ السّلام نے یاد کیا اور ان ناموں کے طفیل
بِهَا سَیِّدُنَا یُوْسُفُ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ
جن کے ساتھ تجھے یُوسف علیہ السّلام نے یاد کیا ۔ اور ان ناموں
الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَیِّدُنَا یُوْنُسُ عَلَیْهِ
کے طفیل جن کے ساتھ تجھے سیّدنا یونس علیہ السّلام
السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا
نے یاد کیا اور ان ناموں کے طفیل جن کے ساتھ
سَیِّدُنَا مُوْسٰی عَلَیْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ
تجھے سیّدنا موسٰی علیہ السّلام نے یاد کیا اور ان ناموں
الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَیِّدُنَا هٰرُوْنُ عَلَیْهِ
کے طفیل جن کے ساتھ تجھے سیّدنا ہارون علیہ السّلام
السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا
نے یاد کیا اور ان ناموں کے طفیل جن کے ساتھ
سَیِّدُنَا شُعَیْبُ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ
تجھے سیّدنا شعیب علیہ السّلام نے یاد کیا اور ان ناموں کے
الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَیِّدُنَا اِبْرٰهِیْمُ عَلَیْهِ
طفیل جن کے ساتھ تجھے سیّدنا ابراہیم علیہ السّلام
السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا
نے یاد کیا اور ان ناموں کے طفیل جن کے ساتھ تجھے

سَیِّدُنَا اِسْمٰعِیْلُ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ
سیدنا اسمعیل علیہ السلام نے یاد کیا اور ان ناموں
الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا سَیِّدُنَا دَاوٗدُ عَلَیْہِ
کے طفیل جن کے ساتھ تجھے سیدنا داؤد علیہ السلام نے
السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا
یاد کیا اور ان ناموں کے طفیل جن کے ساتھ تجھے
سَیِّدُنَا سُلَیْمٰنُ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَ
سیدنا سلیمان علیہ السلام نے یاد کیا اور
بِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا سَیِّدُنَا
ان ناموں کے طفیل جن کے ساتھ تجھے سیدنا
زَکَرِیَّا عَلَیْہِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ
زکریا علیہ السلام نے یاد کیا اور ان ناموں کے طفیل
دَعَاکَ بِھَا سَیِّدُنَا یَحْیٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ
جن کے ساتھ تجھے سیدنا یحییٰ علیہ السلام نے یاد کیا
وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا سَیِّدُنَا
اور ان ناموں کے طفیل جن کے ساتھ تجھے سیدنا
یُوْشَعُ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ
یوشع علیہ السلام نے یاد کیا اور ان ناموں کے طفیل
دَعَاکَ بِھَا سَیِّدُنَا الْخَضِرُ عَلَیْہِ
جن کے ساتھ تجھے سیدنا خضر علیہ السلام نے
السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا
یاد کیا ۔ اور ان ناموں کے طفیل جن کے ساتھ تجھے

سَيِّدُنَا اِلْيَاسُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ بِالْاَسْمَاءِ
سیّدنا الیاس علیہ السلام نے یاد کیا اور ان ناموں کے

الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا الْيَسَعُ عَلَيْهِ
طفیل جن کے ساتھ تجھے سیّدنا یسع علیہ السلام

السَّلَامُ وَ بِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا
نے یاد کیا اور ان ناموں کے طفیل جن کے ساتھ تجھے

سَيِّدُنَا ذُوالْكِفْلِ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ بِالْاَسْمَاءِ
سیّدنا ذوالکفل علیہ السلام نے یاد کیا اور ان ناموں

الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا عِيْسٰى عَلَيْهِ
کے طفیل جن کے ساتھ تجھے سیّدنا عیسیٰ علیہ السلام

السَّلَامُ وَ بِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا
نے یاد کیا اور ان ناموں کے طفیل جن کے ساتھ تجھے

سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
سیّدنا محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم تیرے نبی مکرم

نَبِيُّكَ وَ رَسُوْلُكَ وَ حَبِيْبُكَ وَ صَفِيُّكَ
تیرے رسول محترم، تیرے محبوب اور تیرے برگزیدہ حبیب نے یاد کیا

يَا مَنْ قَالَ وَ قَوْلُهُ الْحَقُّ وَ اللّٰهُ خَلَقَكُمْ
اے وہ ذات جس نے فرمایا اور اس کا فرمان حق ہے کہ اللہ تعالیٰ

وَمَا تَعْمَلُوْنَ وَ لَا يَصْدُرُ عَنْ اَحَدٍ
نے تمہیں اور تمہارے اعمال کو پیدا کیا، اور اس کے کسی

مِّنْ عَبِيْدِهٖ قَوْلٌ وَّ لَا فِعْلٌ وَّ لَا حَرَكَةٌ
بندے سے جو قول اور جو فعل، جو حرکت اور

وَلَا سُكُونٌ اِلَّا وَ قَدْ سَبَقَ فِیْ عِلْمِهٖ
جو سکون صادر ہوتا ہے، اس کے علم اور اس کی

وَقَضَآئِهٖ وَقَدَرِهٖ كَيْفَ يَكُوْنُ كَمَآ
قضاء و قدر میں پہلے سے متعین ہوتا کہ وُہ کس طرح

اَلْهَمْتَنِیْ وَقَضَيْتَ لِیْ بِقِرَآءَةِ هٰذَا
ہوگا، جیسے کہ تُو نے مجھے القا کیا اور اس

الْكِتٰبِ وَيَسَّرْتَ عَلَىَّ فِيْهِ الطَّرِيْقَ
کتاب (دلائل الخیرات) کو میرے لیے اس کے پڑھنے کا طریقہ اور

وَالْاَسْبَابَ وَ نَفَيْتَ عَنْ قَلْبِیْ فِیْ
اسباب آسان فرما دیئے اور میرے دل سے

هٰذَا النَّبِیِّ الْكَرِيْمِ الشَّكَّ وَالْاِرْتِيَابَ
نبی کریم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے بارے میں شک و شبہہ

وَغَلَّبْتَ حُبَّهٗ عِنْدِیْ عَلٰى حُبِّ جَمِيْعِ
کو ختم کر دیا اور میرے دل میں ان کی محبّت تمام

الْاَقْرِبَآءِ وَالْاَحِبَّآءِ اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ
رشتہ داروں اور دوستوں کی محبّت پر غالب فرما دی، میں تجھ سے سوال کرتا ہوں، اے اللہ!

يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ اَنْ تَرْزُقَنِیْ وَكُلَّ
اے اللہ! اے اللہ! کہ تُو مجھے اور سرکار کے ہر

مَنْ اَحَبَّهٗ وَاتَّبَعَهٗ شَفَاعَتَهٗ وَمُرَافَقَتَهٗ
محب اور پیروکار کو حضور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کی شفاعت

يَوْمَ الْحِسَابِ مِنْ غَيْرِ مُنَاقَشَةٍ وَّلَا
اور رفاقت قیامت کے دن عطا فرما، بغیر کشمکش،

عَذَابٍ وَّلَا تَوْبِيْخٍ وَّلَا عِتَابٍ وَّاَنْ
عذاب ، زجر و توبیخ اور عتاب کے اور تو

تَغْفِرَ لِيْ ذُنُوْبِيْ وَتَسْتُرَ عُيُوْبِيْ
میرے گناہ بخش دے اور میرے عیب ڈھانپ دے

يَا وَهَّابُ يَا غَفَّارُ ۝ وَاَنْ تُنَعِّمَنِيْ بِالنَّظَرِ
اے بڑے عطا فرمانے والے اور بخشنے والے ۔ اور یہ کہ تو مجھے اپنی

اِلٰى وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ فِيْ جُمْلَةِ الْاَحْبَابِ
ذاتِ کریم کے دیدار کی نعمت عطا فرما ، دوستوں کی جماعت

يَوْمَ الْمَزِيْدِ وَالثَّوَابِ ۝ وَاَنْ تَتَقَبَّلَ
میں زیادتی اور ثواب کے دن ۔ اور تو مجھ سے میرا

مِنِّيْ عَمَلِيْ وَاَنْ تَعْفُوَ عَمَّا اَحَاطَ
عمل قبول فرما اور تو معاف فرما ان چیزوں کو جنہیں تیرا

عِلْمُكَ بِهٖ مِنْ خَطِيْئَتِيْ وَنِسْيَانِيْ
علم محیط ہے یعنی میری خطا ، میری بھول اور میری لغزش

وَزَلَلِيْ وَاَنْ تُبَلِّغَنِيْ مِنْ زِيَارَةِ قَبْرِهٖ
کو اور یہ کہ تو مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ اقدس کی زیارت

وَالتَّسْلِيْمِ عَلَيْهِ وَعَلٰى صَاحِبَيْهِ
اور ان کی اور ان کے دو ساتھیوں کی بارگاہ میں سلام عرض کرنے

غَايَةَ اَمَلِيْ بِمَنِّكَ وَفَضْلِكَ وَ
کا موقع عطا فرما جو کہ میری انتہائی آرزو ہے ، اپنے فضل

جُوْدِكَ وَكَرَمِكَ يَا رَءُوْفُ يَا رَحِيْمُ
و کرم ، بخشش اور عنایت سے اے مہربان ! اے رحم فرمانے والے !

يَا وَلِيُّ ○ وَاَنْ تُجَازِيَهٗ عَنِّىْ وَعَنْ كُلِّ
اے کارساز - اور یہ کہ تو انہیں جزا عطا فرما میری طرف
مَنْ اٰمَنَ بِهٖ وَاتَّبَعَهٗ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ
سے اور ان پر ہر ایمان لانے والے اور پیروکار مسلمان
وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ
مردوں اور عورتوں کی طرف سے خواہ وہ زندہ ہیں یا وفات
اَفْضَلَ وَاَتَمَّ وَاَعَمَّ مَا جَازَيْتَ بِهٖ
پا چکے ہیں وہ افضل، کامل اور عام جزا جو تو نے
اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ يَا قَوِيُّ يَا عَزِيْزُ
اپنی مخلوق میں سے کسی کو دی ہے، اے قوّت والے! اے غالب!
يَا عَلِيُّ وَاَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِحَقِّ مَآ
اے برتر! اور اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ان اسماء
اَقْسَمْتُ بِهٖ عَلَيْكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى
کے طفیل جن میں کا میں نے تیری بارگاہ میں وسیلہ پیش کیا کہ
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا
تو ہمارے آقا حضرت محمّد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر
مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ
رحمتیں نازل فرما ان چیزوں کی تعداد میں جن کو تو
تَكُوْنَ السَّمَآءُ مَبْنِيَّةً وَّالْاَرْضُ
نے پیدا فرمایا پہلے اس کے کہ آسمان بنایا گیا، زمین بچھائی
مَدْحِيَّةً وَّالْجِبَالُ عُلْوِيَّةً وَّالْعُيُوْنُ
گئی، پہاڑ بلند ہوئے، چشمے جاری ہوئے

مُنْفَجِرَةً وَّالْبِحَارُ مُسَخَّرَةً وَّ
دریا تابع فرمان ہوئے، نہریں بہنے
الْاَنْهَارُ مُنْهَمِرَةً وَّالشَّمْسُ مُضِيَئَةً
لگیں، سورج ضیا بار ہوا چاند
وَّالْقَمَرُ مُضِيْئًا وَّالنَّجْمُ مُنِيْرًا
روشن ہوا اور ستارے منور ہوئے
وَّلَا يَعْلَمُ اَحَدٌ حَيْثُ تَكُوْنُ اِلَّا
اور اس وقت تیری شان کو تیرے سوا کوئی جانتا
اَنْتَ ۝ وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ
تھا۔ اور یہ کہ تو ان پر اور ان کی آل پر
عَدَدَ كَلَامِكَ ۝ وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَ
رحمتیں نازل فرما اپنے کلمات کی تعداد میں۔ اور یہ کہ تو ان پر اور ان کی
عَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ اٰيَاتِ الْقُرْاٰنِ وَ
آل پر رحمتیں نازل فرما قرآن پاک کی آیات اور اس
حُرُوْفِهٖ وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى
کے حروف کی تعداد میں اور یہ کہ تو رحمتیں نازل فرما ان
اٰلِهٖ عَدَدَ مَنْ يُّصَلِّيْ عَلَيْهِ ۝ وَاَنْ
پر اور ان کی آل پر درود بھیجنے والوں کی تعداد میں۔ اور یہ کہ
تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ مَنْ
تو ان پر اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما
لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ
ان لوگوں کی تعداد میں جنہوں نے ان پر درود نہیں بھیجا

وَعَلٰۤی اٰلِهٖ مِلْءَ اَرْضِكَ وَاَنْ تُصَلِّيَ
اور یہ کہ تو ان پر اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما اپنی
عَلَيْهِ وَعَلٰۤی اٰلِهٖ عَدَدَ مَا جَرٰى بِهِ الْقَلَمُ
زمین کی پُری کے برابر اور ان پر اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما اس تعداد میں کہ قلم
فِيْۤ اُمِّ الْكِتٰبِ ○ وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰۤی
لوح محفوظ میں جاری ہوا۔ اور ان پر اور ان کی آل پر رحمتیں
اٰلِهٖ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ فِيْ سَبْعِ سَمٰوٰتِكَ ○
نازل فرما اس مخلوق کی تعداد میں جو تو نے اپنے ساتوں آسمانوں میں پیدا فرمائی۔
وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰۤی اٰلِهٖ عَدَدَ مَا
اور تو ان پر اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما
اَنْتَ خَالِقُهٗ فِيْهِنَّ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ
اس مخلوق کی تعداد میں جسے تو آسمانوں میں قیامت
فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ○ وَاَنْ تُصَلِّيَ
تک پیدا فرمانے والا ہے، ہر دن میں ہزار مرتبہ۔ اور تو ان پر اور
عَلَيْهِ وَعَلٰۤی اٰلِهٖ عَدَدَ قَطْرِ الْمَطَرِ وَكُلِّ
ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما بارش کے قطروں کی تعداد میں
قَطْرَةٍ قَطَرَتْ مِنْ سَمَآئِكَ اِلٰۤی اَرْضِكَ
اور ان قطروں کی تعداد میں جو تیرے آسمان سے تیری زمین کی طرف
مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ
نازل ہوئے، اس دن سے کہ تو نے دُنیا کو پیدا کیا قیامت کے دن
فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ○
تک ہر دن میں ہزار مرتبہ۔

(دُعاء اختتام صفحہ ۲۶۳)

اَلْحِزْبُ السَّابِعُ فِیْ یَوْمِ الْاَحَدِ
ساتویں منزل اتوار کے دن پڑھی جائے

نوٹ: منزل شروع کرنے سے پہلے اسماء باری تعالیٰ صفحہ ۱۸ اور اسماء نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صفحہ ۴۴ اور اس کے بعد کی دعا صفحہ ۶۳ پڑھیں

وَاَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْهِ وَعَلٰٓی اٰلِهٖ عَدَدَ مَنْ
اور تو ان پر ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما ان لوگوں کی تعداد

سَبَّحَكَ وَقَدَّسَكَ وَسَجَدَ لَكَ وَ
میں جنہوں نے تیری تسبیح کی، تیری پاکیزگی بیان کی، تجھے سجدہ

عَظَّمَكَ مِنْ یَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْیَا اِلٰی
کیا، تیری تعظیم کی اس دن سے کہ تو نے دنیا کو پیدا کیا

یَوْمِ الْقِیٰمَةِ فِیْ كُلِّ یَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ؕ وَ
قیامت کے دن تک ہر دن میں ہزار مرتبہ اور

اَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْهِ وَعَلٰٓی اٰلِهٖ عَدَدَ كُلِّ
تو ان پر اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما ان تمام

سَنَةٍ خَلَقْتَهُمْ فِیْهَا مِنْ یَّوْمِ خَلَقْتَ
سالوں کی تعداد میں جن میں تو نے مخلوقات کو پیدا کیا، اس

الدُّنْیَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ فِیْ كُلِّ یَوْمٍ
دن سے کہ تو نے دنیا کو پیدا کیا قیامت کے دن تک، ہر دن میں

اَلْفَ مَرَّةٍ ؕ وَاَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْهِ وَعَلٰٓی
ہزار مرتبہ۔ اور تو ان پر اور ان کی آل پر

اٰلِهٖ عَدَدَ السَّحَابِ الْجَارِيَةِ ۝ وَاَنْ

رحمتیں نازل فرما چلنے والے بادلوں کی تعداد میں۔ اور تو ان پر

تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ الرِّيَاحِ

اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما جاری ہونے والی ہواؤں کی

الذَّارِيَةِ مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَآ اِلٰى

تعداد میں اس دن سے کہ تو نے دنیا کو پیدا کیا

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝

قیامت کے دن تک، ہر دن میں ہزار مرتبہ۔

وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ مَا

اور تو ان پر اور ان کی آل پر اتنی رحمتیں نازل

هَبَّتِ الرِّيَاحُ عَلَيْهِ وَحَرَّكَتْهُ مِنَ

فرما جتنی کہ ان پر ہوائیں چلیں اور انہوں نے

الْاَغْصَانِ وَالْاَشْجَارِ وَاَوْرَاقِ الثِّمَارِ

شاخوں، درختوں، پھلوں کے پتوں اور

وَالْاَزْهَارِ وَعَدَدَ مَا خَلَقْتَ عَلٰى قَرَارِ

پھولوں کو حرکت دی، اور اس مخلوق کی تعداد میں

اَرْضِكَ وَمَا بَيْنَ سَمٰوٰتِكَ مِنْ يَّوْمِ

جو تو نے روئے زمین پر اور اپنے آسمانوں میں پیدا کی،

خَلَقْتَ الدُّنْيَآ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ

اس دن سے کہ تو نے دنیا کو پیدا کیا قیامت کے دن تک،

كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ وَاَنْ تُصَلِّيَ

ہر دن میں ہزار مرتبہ۔ اور تو ان پر اور

عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ اَمْوَاجِ بِحَارِكَ
ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما اپنے دریاؤں کی موجوں کی

مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَآ اِلٰى يَوْمِ
تعداد میں، اس دن سے کہ تُو نے دُنیا کو پیدا کیا قیامت

الْقِيٰمَةِ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝
کے دن تک، ہر دن میں ہزار مرتبہ۔

وَاَنْ تُصَلِّىَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ
اور تُو ان پر اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما

الرَّمْلِ وَالْحَصٰى وَكُلِّ حَجَرٍ وَّمَدَرٍ
ریت کے ذرّوں، کنکریوں اور ہر پتّھر اور ڈھیلے

خَلَقْتَهٗ فِىْ مَشَارِقِ الْاَرْضِ وَمَغَارِبِهَا
کی تعداد میں جنہیں تُو نے پیدا فرمایا زمین کے مشرقی اور مغربی

وَسَهْلِهَا وَجِبَالِهَا وَاَوْدِيَتِهَا مِنْ يَّوْمِ
حصّوں، نرم اور پہاڑی علاقوں اور وادیوں میں اس دن سے

خَلَقْتَ الدُّنْيَآ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِىْ
کہ تُو نے دُنیا کو پیدا فرمایا قیامت کے دن تک، ہر دن

كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ وَاَنْ تُصَلِّىَ عَلَيْهِ
میں ہزار مرتبہ۔ اور تُو ان پر اور ان کی

وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ نَبَاتِ الْاَرْضِ فِىْ
آل پر رحمتیں نازل فرما زمین کے سبزوں کی تعداد

قِبْلَتِهَا وَجَوْفِهَا وَشَرْقِهَا وَغَرْبِهَا
میں اس کے قبلہ، پیٹ، مشرق و مغرب،

وَسَهْلِهَا وَجِبَالِهَا مِنْ شَجَرٍ وَّثَمَرٍ

نرم علاقوں اور پہاڑوں میں یعنی درخت، پھل، پتّوں

وَّاَوْرَاقٍ وَّزَرْعٍ وَّجَمِيْعِ مَا اَخْرَجَتْ

کھیتوں اور تمام ان نباتات اور برکتوں کی

وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا مِنْ نَّبَاتِهَا وَبَرَكَاتِهَا

تعداد میں جو زمین نے نکالیں یا نکالے گی، اُس

مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَآ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

دن سے کہ تُو نے مخلوق کو پیدا کیا قیامت کے دن تک

فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ وَاَنْ تُصَلِّيَ

ہر دن میں ہزار مرتبہ — اور تُو ان پر اور ان

عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ مِنَ

کی آل پر اتنی رحمتیں نازل فرما جتنے تُو نے

الْاِنْسِ وَالْجِنِّ وَالشَّيَاطِيْنِ وَمَآ

انسان جنّ اور شیطان پیدا کیے اور جن کو

اَنْتَ خَالِقُهٗ مِنْهُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

تُو ان میں سے قیامت کے دن تک پیدا کرے گا

فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ وَاَنْ تُصَلِّيَ

ہر دن میں ہزار مرتبہ — اور تُو ان پر اور

عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ كُلِّ شَعْرَةٍ

ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما ان مخلوقات کے جسموں

فِيْ اَبْدَانِهِمْ وَوُجُوْهِهِمْ وَعَلٰى

چہروں اور سروں کے بالوں کی تعداد میں،

رُءُوْسِهِمْ مُنْذُ خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى
اس دن سے کہ تو نے دنیا کو پیدا کیا
يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ○
قیامت کے دن تک ہر دن میں ہزار مرتبہ
وَاَنْ تُصَلِّىَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ
اور تو ان پر اور ان کی آل پر رحمتیں نازل
اَنْفَاسِهِمْ وَاَلْفَاظِهِمْ وَاَلْحَاظِهِمْ
فرما ان مخلوقات کے سانسوں، لفظوں اور نگاہوں
مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ
کی تعداد میں اس دن سے کہ تو نے دنیا کو پیدا کیا قیامت کے دن
فِىْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ○ وَاَنْ تُصَلِّىَ
تک ہر دن میں ہزار مرتبہ۔ اور تو ان پر اور ان
عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ طَيَرَانِ الْجِنِّ
کی آل پر رحمتیں نازل فرما جنوں کی پروازوں اور
وَخَفَقَانِ الْاِنْسِ مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ
انسانوں کی حرکتوں کی تعداد میں اس دن سے کہ
الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ
تو نے دنیا کو پیدا کیا قیامت کے دن تک ہر دن میں
اَلْفَ مَرَّةٍ ○ وَاَنْ تُصَلِّىَ عَلَيْهِ وَعَلٰى
ہزار مرتبہ اور تو ان پر اور ان کی آل پر
اٰلِهٖ عَدَدَ كُلِّ بَهِيْمَةٍ خَلَقْتَهَا عَلٰى
رحمتیں نازل فرما ہر چار پائے کی تعداد میں جسے تو نے

اَرْضِكَ صَغِيْرَةً وَّكَبِيْرَةً فِيْ مَشَارِقِ

اپنی زمین پر پیدا کیا، خواہ وہ چھوٹا ہو یا بڑا، زمین

الْاَرْضِ وَمَغَارِبِهَا مِمَّا عُلِمَ وَمِمَّا لَا

کے مشرقی اور مغربی حصّوں میں عام ازیں کہ اسے جانا گیا

يَعْلَمُ عِلْمَهٗٓ اِلَّا اَنْتَ مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ

ہو یا صرف تجھے ہی اس کا علم ہو، اس دن سے کہ تُو نے

الدُّنْيَآ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ

دُنیا کو پیدا کیا قیامت کے دن تک، ہر دن میں

اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى

ہزار مرتبہ — اور تُو ان پر اور ان کی آل

اٰلِهٖ عَدَدَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ وَعَدَدَ

پر رحمتیں نازل فرما، ان پر درُود بھیجنے والوں اور

مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ وَعَدَدَ مَنْ

بھیجنے والوں کی تعداد میں، اور ان لوگوں کی

يُّصَلِّيْ عَلَيْهِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ

تعداد میں جو ان پر قیامت کے دن تک درُود بھیجیں گے، ہر

يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ

دن میں ہزار مرتبہ — اور تُو ان پر اور ان کی

وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ الْاَحْيَآءِ وَالْاَمْوَاتِ

آل پر رحمتیں نازل فرما زندوں اور مُردوں کی تعداد

وَعَدَدَ مَا خَلَقْتَ مِنْ حِيْتَانٍ وَّطَيْرٍ

میں، اور ان مچھلیوں، پرندوں، چیونٹیوں، شہد کی مکھیوں

وَنَمْلٍ وَّنَحْلٍ وَّحَشَرَاتٍ ○ وَاَنْ تُصَلِّیَ
اور کیڑے مکوڑوں کی تعداد میں جنہیں تو نے پیدا کیا۔ اور تُو ان پر

عَلَيْهِ وَعَلٰۤى اٰلِهٖ فِى اللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى
اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما رات میں جب وہ گھری ہو جائے

وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ○ وَاَنْ تُصَلِّیَ عَلَيْهِ
اور دن میں جب وہ روشن ہو جائے۔ اور تُو ان پر

وَعَلٰۤى اٰلِهٖ فِى الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى ○ وَاَنْ
اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما دُنیا اور آخرت میں۔ اور تُو ان

تُصَلِّیَ عَلَيْهِ وَعَلٰۤى اٰلِهٖ مُنْذُ كَانَ فِى
پر اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما اس وقت سے

الْمَهْدِ صَبِيًّا اِلٰۤى اَنْ صَارَ كَهْلًا مَّهْدِيًّا
کہ وہ گہوارے میں بچے تھے یہاں تک کہ وہ پختہ عمر راہنما ہو

فَقَبَضْتَهٗ اِلَيْكَ عَدْلًا مَّرْضِيًّا لِّتَبْعَثَهٗ
پھر تُو نے انہیں اپنے پاس بلایا، اس حال میں کہ وہ عادل اور

شَفِيْعًا حَفِيًّا ○ وَاَنْ تُصَلِّیَ عَلَيْهِ وَعَلٰى
پسندیدہ تھے تاکہ تُو انہیں شفاعت کرنیوالا مہربان بنا کر اٹھائے۔ اور تُو ان پر اور ان

اٰلِهٖ عَدَدَ خَلْقِكَ وَرِضٰى نَفْسِكَ وَ
کی آل پر رحمتیں نازل فرما اپنی مخلوق کی تعداد، اپنی

زِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ وَ
ذات کی رضا، اپنے عرش کے وزن اور اپنے کلمات کی

اَنْ تُعْطِيَهُ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ
مقدار کے برابر اور تُو انہیں مقام وسیلہ، فضیلت،

وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَالْحَوْضَ الْمَوْرُوْدَ
بلند درجہ سب کے وارد ہونے کی جگہ حوض،

وَالْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ وَالْعِزَّ الْمَمْدُوْدَ
مقام محمود اور لا فانی عزّت عطا فرما

وَاَنْ تُعَظِّمَ بُرْهَانَهٗ وَاَنْ تُشَرِّفَ
ان کی دلیل کو عظمت، ان کی عمارت کو شان و شوکت اور

بُنْيَانَهٗ وَاَنْ تَرْفَعَ مَكَانَهٗ وَاَنْ
ان کے مقام کو بلندی عطا فرما اور اے

تَسْتَعْمِلَنَا يَا مَوْلٰنَا بِسُنَّتِهٖ وَاَنْ
آقا و مولا! ہمیں ان کی سُنّت پر عمل پیرا بنا اور ہمیں

تُمِيْتَنَا عَلٰى مِلَّتِهٖ ۝ وَاَنْ تَحْشُرَنَا فِيْ
ان کے دین پر موت عطا فرما۔ اور تو ہمیں ان کے گروہ

زُمْرَتِهٖ وَتَحْتَ لِوَآئِهٖ وَاَنْ تَجْعَلَنَا
میں اور ان کے جھنڈے کے نیچے اُٹھا، ہمیں ان کے ساتھیوں

مِنْ رُّفَقَآئِهٖ وَاَنْ تُوْرِدَنَا حَوْضَهٗ
میں سے بنا، ہمیں ان کے حوض پر وارد فرما،

وَاَنْ تَسْقِيَنَا بِكَاْسِهٖ وَاَنْ تَنْفَعَنَا
ہمیں ان کے پیالے سے پلا، ہمیں ان کی محبت سے نفع

بِمَحَبَّتِهٖ وَاَنْ تَتُوْبَ عَلَيْنَا وَاَنْ
عطا فرما، ہماری توبہ قبول فرما، ہمیں تمام

تُعَافِيَنَا مِنْ جَمِيْعِ الْبَلَآءِ وَالْبَلْوَآءِ
بلاؤں، مصیبتوں اور فتنوں سے عافیت عطا فرما، خواہ

وَالْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَاَنْ

وہ ظاہر ہوں یا پوشیدہ ، ہم پر رحم فرما ! ہمیں

تَرْحَمَنَا وَاَنْ تَعْفُوَ عَنَّا وَتَغْفِرَ لَنَا وَ

معاف فرما ، ہمیں اور تمام ایماندار مردوں ،

لِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

عورتوں مردوں اور مسلمان

وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَاۗءِ

عورتوں کو بخش دے ، خواہ وہ زندہ

مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

ہیں یا فوت ہو چکے ہیں ، تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَهُوَ حَسْبِيْ وَنِعْمَ

کے لیے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے ۔ وہ میرے لیے کافی اور

الْوَكِيْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

بہترین کارساز ہے ، گناہ سے بچنے اور نیکی کرنے کی طاقت

الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

صرف اللہ تعالیٰ بلند اور برتر کی توفیق سے ہے ۔ اے اللہ ! ہمارے آقا

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

حضرت محمدؐ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما

مَّا سَجَعَتِ الْحَمَآئِمُ وَحَمَتِ الْحَوَآئِمُ

جب تک کبوتر پچہائیں ، پرندے گردش کریں ،

وَسَرَحَتِ الْبَهَآئِمُ وَنَفَعَتِ التَّمَآئِمُ

چوپائے چریں ، تعویذ نفع دیں ،

وَشُدَّتِ الْعَمَآئِمُ وَنَمَتِ النَّوَآئِمُ ۝

پگڑیاں باندھی جائیں اور اُگنے والی چیزیں اُگیں ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اے اللہ ! ہمارے آقا حضرت محمّد مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وسلم

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّآ اَبْلَجَ الْاِصْبَاحُ

اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما جب تک صبح روشن

وَهَبَّتِ الرِّيَاحُ وَدَبَّتِ الْاَشْبَاحُ وَ

ہو ، ہوائیں چلیں ، اجسام حرکت کریں

تَعَاقَبَ الْغُدُوُّ وَالرَّوَاحُ وَتُقُلِّدَتِ

صبح و شام ایک دوسرے کے پیچھے آئیں ، تلواریں

الصِّفَاحُ وَاعْتُقِلَتِ الرِّمَاحُ وَصَحَّتِ

حمائل کی جائیں ، نیزے باندھے جائیں ،

الْاَجْسَادُ وَالْاَرْوَاحُ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اجسام اور روحیں تندرست ہوں ۔ اے اللہ ! ہمارے

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

آقا حضرت محمّد مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم اور ان کی آل پر

مُحَمَّدٍ مَّا دَارَتِ الْاَفْلَاكُ وَدَجَتِ

رحمتیں نازل فرما جب تک آسمان گردش کریں ، اندھیری

الْاَحْلَاكُ وَسَبَّحَتِ الْاَمْلَاكُ ۝

راتیں تاریک ہوں اور فرشتے مصروف تسبیح رہیں ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اے اللہ ! ہمارے آقا حضرت محمّد مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم اور

عَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ
ان کی آل پر رحمت نازل فرما جیسے تُو نے
عَلٰی سَیِّدِنَآ اِبْرٰهِیْمَ وَ بَارِكْ عَلٰی
سیدنا ابراہیم علیہ السلام پر رحمت نازل
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا
کی اور ہمارے آقا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل
مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا
پر برکت نازل فرما جیسے تُو نے سیدنا
اِبْرٰهِیْمَ فِی الْعٰلَمِیْنَ اِنَّكَ
ابراہیم علیہ السلام پر نازل کی تمام جہانوں میں، بے شک
حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی
تُو تعریف اور بزرگی والا ہے۔ اے اللہ! ہمارے آقا
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا
حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر
مُحَمَّدٍ مَّا طَلَعَتِ الشَّمْسُ وَمَا
رحمتیں نازل فرما جب تک سورج طلوع ہوتا
صُلِّیَتِ الْخَمْسُ وَ مَا تَاَلَّقَ
رہے، پانچوں نمازیں پڑھی جائیں، بجلی چمکے
بَرْقٌ وَّ تَدَفَّقَ وَدْقٌ وَّمَا سَبَّحَ
بارش برسے اور فرشتہ رعد تسبیح
رَعْدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا
پڑھے۔ اے اللہ! ہمارے آقا حضرت

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِّلْءَ
محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمِلْءَ مَا بَيْنَهُمَا
آسمانوں ، زمینوں اور ان دونوں کے درمیان فضا

وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ ○
کی پُری کے برابر ، اور ان کے علاوہ جس چیز کی پُری کے برابر تُو چاہے۔

اَللّٰهُمَّ كَمَا قَامَ بِاَعْبَاءِ الرِّسَالَةِ
اے اللہ ! جس طرح تیرے حبیب نے رسالت کی گراں بار ذمہ داریاں اُٹھائیں ،

وَاسْتَنْقَذَ الْخَلْقَ مِنَ الْجَهَالَةِ وَ
مخلوق کو جہالت سے نکالا ،

جَاهَدَ اَهْلَ الْكُفْرِ وَالضَّلَالَةِ وَدَعَا
کافروں اور گمراہوں سے جہاد کیا

اِلٰى تَوْحِيْدِكَ وَقَاسَى الشَّدَائِدَ
تیری توحید کی طرف بُلایا اور تیرے بندوں

فِيْ اِرْشَادِ عَبِيْدِكَ فَاَعْطِهِ
کی راہنمائی میں مشقتیں اُٹھائیں ، لہٰذا

اَللّٰهُمَّ سُؤْلَهٗ وَبَلِّغْهُ مَا مُوْلَهٗ وَ
اے اللہ ! اسی طرح ان کا سوال پورا فرما ، انہیں

اٰتِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ
ان کے مقصد تک پہنچا ، انہیں مقام وسیلہ ، فضیلت اور

الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ
بلند درجہ عطا فرما ، انہیں مقام محمود پر

الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ۝

فائز فرما جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے۔ بیشک تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

اَللّٰهُمَّ وَاجْعَلْنَا مِنَ الْمُتَّبِعِیْنَ

اے اللہ! ہمیں ان کی شریعت کا پیروکار،

لِشَرِیْعَتِهٖ الْمُتَّصِفِیْنَ بِمَحَبَّتِهٖ

ان کی محبت کا حال، ان کی

الْمُهْتَدِیْنَ بِهَدْیِهٖ وَسِیْرَتِهٖ وَتَوَفَّنَا

ہدایت اور سیرت پر چلنے والا بنا، اور ہمیں ان کی

عَلٰی سُنَّتِهٖ وَلَا تَحْرِمْنَا فَضْلَ

سنّت پر موت عطا فرما اور ہمیں ان کی شفاعت

شَفَاعَتِهٖ وَاحْشُرْنَا فِیْٓ اَتْبَاعِهٖ

کی فضیلت سے محروم نہ فرما، ہمیں ان کے روشن

الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ وَاَشْیَاعِهِ السَّابِقِیْنَ

اعضا والے متّبعین اور سبقت والے پیروکاروں اور ان

وَاَصْحَابِ الْیَمِیْنِ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝

لوگوں سے بنا جن کا نامۂ اعمال دائیں ہاتھ میں ہوگا، اے سب سے زیادہ رحم فرمانے والے!

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مَلٰٓئِكَتِكَ وَالْمُقَرَّبِیْنَ

اے اللہ! اپنے فرشتوں اور مقربین پر اور اپنے

وَعَلٰٓی اَنْبِیَآئِكَ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰٓی

نبیوں اور رسولوں پر اور اپنے تمام

اَهْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِیْنَ وَاجْعَلْنَا

فرمانبرداروں پر رحمت نازل فرما اور ان پر درود

بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِمْ مِّنَ الْمَرْحُوْمِيْنَ ۝
بھیجنے کے سبب ہمیں ان لوگوں سے بنا جن پر رحم کیا گیا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
اے اللہ! ہمارے آقا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم

الْمَبْعُوْثِ مِنْ تِهَامَةَ وَالْاٰمِرِ
پر رحمت نازل فرما جو مکہ مکرمہ سے مبعوث ہوئے

بِالْمَعْرُوْفِ وَالْاِسْتِقَامَةِ وَالشَّفِيْعِ
اور جنہوں نے نیکی اور دین پر ثابت قدمی کا حکم دیا

لِاَهْلِ الذُّنُوْبِ فِىْ عَرَصَاتِ الْقِيٰمَةِ ۝
اور جو قیامت کے میدانوں میں گنہگاروں کی شفاعت کریں گے۔

اَللّٰهُمَّ اَبْلِغْ عَنَّا نَبِيَّنَا وَ شَفِيْعَنَا
اے اللہ! ہماری طرف سے ہمارے نبی ہمارے شفیع اور

وَحَبِيْبَنَا اَفْضَلَ الصَّلٰوةِ وَالتَّسْلِيْمِ
ہمارے محبوب کو افضل ترین درود و سلام پہنچا اور

وَابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الْكَرِيْمَ
انہیں عزت والے مقام محمود پر فائز فرما

وَاٰتِهِ الْفَضِيْلَةَ وَالْوَسِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ
اور انہیں فضیلت، مقام وسیلہ اور بلند درجہ

الرَّفِيْعَةَ الَّتِىْ وَعَدْتَّهٗ فِى الْمَوْقِفِ
عطا فرما جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا، عظیم

الْعَظِيْمِ ۝ وَصَلِّ اللّٰهُمَّ عَلَيْهِ صَلٰوةً
مقام میں۔ اور اے اللہ! ان پر دائمی اور مسلسل

دَائِمَةً مُتَّصِلَةً تَتَوَالٰى وَ تَدُوْمُ ○

رحمت نازل فرما جو پے در پے اور ہمیشہ ہو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ وَ عَلٰٓى اٰلِهٖ مَالَاحَ

اے اللہ! ان پر اور ان کی آل پر رحمتیں نازل

بَارِقٌ وَّ ذَرَّ شَارِقٌ وَّ وَقَبَ غَاسِقٌ

فرما جب تک کہ بجلی چمکے، سورج نکلے، رات

وَّانْهَمَرَ وَادِقٌ ○ وَصَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى

تاریک ہو اور بادل برسے۔ اور ان پر اور ان کی آل

اٰلِهٖ مِلْءَ اللَّوْحِ وَالْفَضَاءِ وَمِثْلَ

پر رحمتیں نازل فرما لوح محفوظ اور زمین و آسمان کی درمیانی فضا کی پُری کے برابر

نُجُوْمِ السَّمَاءِ وَعَدَدَ الْقَطْرِ وَالْحَصٰى

آسمان کے ستاروں، بارش کے قطروں اور کنکریوں کی تعداد میں

وَصَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ صَلٰوةً لَّا تُعَدُّ

اور ان پر اور ان کی آل پر بے حد و حساب رحمتیں نازل

وَلَا تُحْصٰى ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ زِنَةَ

فرما۔ اے اللہ! ان پر رحمتیں نازل فرما

عَرْشِكَ وَمَبْلَغَ رِضَاكَ وَمِدَادَ

اپنے عرش کے وزن، اپنی رضا کے اندازے، اپنے

كَلِمَاتِكَ وَمُنْتَهٰى رَحْمَتِكَ ○ اَللّٰهُمَّ

کلمات کی مقدار اور اپنی رحمت کی انتہا کے مطابق اے اللہ!

صَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ

ان پر، ان کی آل پر، ان کی ازواج مطہرات اور ان کی اولاد

وَبَارِكْ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ

پر رحمت نازل فرما اور ان پر اور ان کی آل، ازواجِ مطہرات اور ان کی اولاد

كَمَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا

پر برکتیں نازل فرما جیسے تو نے رحمت و برکت نازل فرمائی سیدنا

اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا اِبْرٰهِيْمَ

ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل پر

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۞ وَجَازِهٖ عَنَّا

بے شک تو تعریف اور بزرگی والا ہے۔ اور انہیں ہماری طرف سے

اَفْضَلَ مَا جَازَيْتَ نَبِيًّا عَنْ اُمَّتِهٖ

وہ افضل ترین جزا عطا فرما جو تو نے کسی نبی کو ان کی اُمت کی طرف سے دی،

وَاجْعَلْنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ بِمِنْهَاجِ

اور ہمیں ان کی شریعت کی راہ پر چلنے والوں میں سے

شَرِيْعَتِهٖ وَاهْدِنَا بِهَدْيِهٖ وَتَوَفَّنَا

بنا، ہمیں ان کی سیرت کی ہدایت عطا فرما، ہمیں

عَلٰى مِلَّتِهٖ وَاحْشُرْنَا يَوْمَ الْفَزَعِ الْاَكْبَرِ

ان کے دین پر موت عطا فرما، ہمیں بڑے خوف کے دن ان لوگوں

مِنَ الْاٰمِنِيْنَ فِيْ زُمْرَتِهٖ وَاَمِتْنَا عَلٰى

میں سے اُٹھا جو ان کی جماعت میں امن والے ہوں اور ہمیں ان

حُبِّهٖ وَحُبِّ اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ ۞

کی محبت اور ان کی آل پاک، ان کے اصحاب اور اولاد کی محبت پر موت عطا فرما۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ! ہمارے آقا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

اَفۡضَلِ اَنۡبِيَآئِكَ وَاَكۡرَمِ اَصۡفِيَا
پر رحمتیں نازل فرما جو تیرے نبیوں میں افضل ترین، تیرے برگزیدہ بندوں میں محترم
وَاِمَامِ اَوۡلِيَآئِكَ وَخَاتِمِ اَنۡبِيَا
تیرے دوستوں کے امام، تیرے نبیوں کے خاتم
وَحَبِيۡبِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ وَشَهِ
تمام جہانوں کے رب کے محبوب
الۡمُرۡسَلِيۡنَ وَشَفِيۡعِ الۡمُذۡنِبِيۡنَ
رسولوں کے گواہ گنہگاروں کے شفیع
سَيِّدِ وُلۡدِ اٰدَمَ اَجۡمَعِيۡنَ الۡمَ
تمام اولادِ آدم کے سردار، جن کا
الذِّكۡرِ فِى الۡمَلٰٓئِكَةِ الۡمُقَرَّبِيۡنَ الۡبَ
مقرّب فرشتوں میں بلند کیا گیا خوشخبری
النَّذِيۡرِ السِّرَاجِ الۡمُنِيۡرِ الصَّادِقِ ال
ڈر سنانے والے، آفتاب عالم تاب، پیکر صداقت
الۡحَقِّ الۡمُبِيۡنِ الرَّءُوۡفِ الرَّحِيۡمِ
سراپا حق بیان کرنے والے، بڑے مہربان، بہت رحم فرمانے
اِلَى الصِّرَاطِ الۡمُسۡتَقِيۡمِ الَّذِىۡ
راہ راست کی ہدایت دینے والے، جن کو
سَبۡعًا مِّنَ الۡمَثَانِىۡ وَالۡقُرۡاٰنَ الۡعَ
بار بار پڑھی جانے والی سات آیتیں (سورہ فاتحہ) اور قرآنِ عظیم
نَبِىِّ الرَّحۡمَةِ وَهَادِى الۡاُمَّةِ
نبیِّ رحمت، اُمّت کے ہادی، سب سے

مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ وَ يَدْخُلُ
قبر سے نکلنے والے ، سب سے پہلے جنت

الْجَنَّةَ وَالْمُؤَيَّدِ بِسَيِّدِنَا جِبْرِيْلَ وَ
میں جانے والے ، اور جن کو سیدنا جبریل اور

سَيِّدِنَا مِيْكَآئِيْلَ الْمُبَشَّرِ بِهٖ فِي
سیدنا میکائیل علیہما السلام کے ساتھ تقویت دی گئی ، جن

التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ الْمُصْطَفٰى
کی بشارت تورات اور انجیل میں دی گئی ،

الْمُجْتَبٰى الْمُنْتَخَبِ اَبِى الْقَاسِمِ
برگزیدہ چنے ہوئے ، منتخب ابوالقاسم

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ
ہمارے آقا حضرت محمد بن عبد اللہ ابن

عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمٍ ۝ اَللّٰهُمَّ
عبد المطلب بن ہاشم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اے اللہ !

صَلِّ عَلٰى مَلٰٓئِكَتِكَ وَالْمُقَرَّبِيْنَ
اپنے فرشتوں اور ان مقربین پر رحمتیں

الَّذِيْنَ يُسَبِّحُوْنَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ
نازل فرما جو دن رات تیری تسبیح بیان کرتے ہیں ،

لَا يَفْتُرُوْنَ وَلَا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَا
تھکتے نہیں اور اللہ تعالیٰ نے انہیں جو حکم دیا اس

اَمَرَهُمْ وَ يَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۝
کی نافرمانی نہیں کرتے اور جو کچھ انہیں حکم دیا جاتا ہے وہی کرتے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ وَكَمَا اصْطَفَيْتَهُمْ سُفَرَآءَ
اے اللہ! جس طرح تُو نے انہیں اپنے رسولوں کی طرف

اِلٰى رُسُلِكَ وَ اُمَنَآءَ عَلٰى وَحْيِكَ وَ
سفیر، اپنی وحی کا امین اور اپنی

شُهَدَآءَ عَلٰى خَلْقِكَ وَخَرَقْتَ لَهُمْ
مخلوق پر گواہ منتخب کیا، ان کے لیے اپنے

كُنُفَ حُجُبِكَ وَ اَطْلَعْتَهُمْ عَلٰى مَكْنُوْنِ
پردوں کے کنارے کھول دیئے، انہیں اپنے مخفی غیب

غَيْبِكَ وَ اخْتَرْتَ مِنْهُمْ خَزَنَةً
پر آگاہ کیا، ان میں سے کچھ اپنی جنّت کے محافظ

لِّجَنَّتِكَ وَحَمَلَةً لِّعَرْشِكَ وَجَعَلْتَهُمْ
اور کچھ عرش کے اُٹھانے والے بنائے،

مِّنْ اَكْثَرِ جُنُوْدِكَ وَ فَضَّلْتَهُمْ عَلَى
انہیں اپنا عظیم ترین لشکر بنایا، انہیں دوسری

الْوَرٰى وَ اَسْكَنْتَهُمُ السَّمٰوٰتِ الْعُلٰى
مخلوقات پر فضیلت دی، انہیں اپنے بلند آسمانوں میں

وَنَزَّهْتَهُمْ عَنِ الْمَعَاصِيْ وَالدَّنَآءَاتِ
ٹھہرایا، انہیں گناہوں اور گھٹیا خصلتوں سے پاک کیا اور

وَقَدَّسْتَهُمْ عَنِ النَّقَآئِصِ وَالْاٰفَاتِ
انہیں نقصانات اور آفتوں سے پاک کیا، اسی طرح

فَصَلِّ عَلَيْهِمْ صَلٰوةً دَآئِمَةً تَزِيْدُهُمْ
ان پر دائمی رحمت نازل فرما جس کے سبب تُو

بِهَا فَضْلًا وَّ تَجْعَلُنَا لِاسْتِغْفَارِهِمْ بِهَآ
ان کی فضیلت میں اضافہ فرما اور اس رحمت کے سبب ہمیں ان کے
اَهْلًا ۝ اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ
استغفار کے لائق بنا۔ اے اللہ! اپنے تمام نبیوں اور رسولوں پر
اَنْبِيَآئِكَ وَ رُسُلِكَ الَّذِيْنَ شَرَحْتَ
رحمتیں نازل فرما تُو نے جن کے سینے
صُدُوْرَهُمْ وَ اَوْدَعْتَهُمْ حِكْمَتَكَ
کھول دیئے، ان کے پاس اپنی حکمت امانت رکھی،
وَطَوَّقْتَهُمْ نُبُوَّتَكَ وَ اَنْزَلْتَ عَلَيْهِمْ
ان کے کندھوں پر بارِ نبوّت ڈالا، ان پر اپنی
كُتُبَكَ وَهَدَيْتَ بِهِمْ خَلْقَكَ وَدَعَوْا
کتابیں نازل کیں، ان کی بدولت اپنی مخلوق کو
اِلٰى تَوْحِيْدِكَ وَ شَوَّقُوْٓا اِلٰى وَعْدِكَ
ہدایت دی، انہوں نے تیری توحید کی طرف بُلایا، تیرے وعدے
وَخَوَّفُوْا مِنْ وَّعِيْدِكَ وَ اَرْشَدُوْٓا
کا شوق دلایا، تیری وعید سے ڈرایا، تیرے راستے
اِلٰى سَبِيْلِكَ وَ قَامُوْا بِحُجَّتِكَ وَ
کی طرف راہنمائی کی اور تیری حجّت اور دلیل
دَلِيْلِكَ وَسَلِّمِ اللّٰهُمَّ عَلَيْهِمْ
کے ساتھ قائم ہوئے۔ اے اللہ! ان پر
تَسْلِيْمًا وَّهَبْ لَنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِمْ
خوب خوب سلامتی بھیج سلامتی بھیجنا اور ان پر درود بھیجنے کی بدولت

اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى
ہمیں اجرِ عظیم عطا فرما - اے اللہ ! ہمارے آقا
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
حضرت محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر
مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً مَّقْبُوْلَةً تُؤَدِّيْ
دائمی اور مقبول رحمت نازل فرما جس کی بدولت تو
بِهَا عَنَّا حَقَّهُ الْعَظِيْمَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
ان کا عظیم حق ہماری طرف سے ادا فرمادے اے اللہ ! ہمارے
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْحُسْنِ
آقا حضرت محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر رحمتیں نازل
وَالْجَمَالِ وَالْبَهْجَةِ وَالْكَمَالِ وَالْبَهَاۤءِ
فرما جو حسن وجمال ، رونق اور کمال ، روشنی
وَالنُّوْرِ وَالْوِلْدَانِ وَالْحُوْرِ وَالْغُرَفِ
اور نور ، غلاموں اور حوروں ، بالاخانوں اور
وَالْقُصُوْرِ وَاللِّسَانِ الشَّكُوْرِ وَالْقَلْبِ
محلات ، شکر گزار زبان ، تعریف کیے ہوئے
الْمَشْكُوْرِ وَالْعِلْمِ الْمَشْهُوْرِ وَالْجَيْشِ
دل ، مشہور علم ، فتح دیئے ہوئے لشکر ، صاحبزادوں
الْمَنْصُوْرِ وَالْبَنِيْنَ وَالْبَنَاتِ وَالْاَزْوَاجِ
اور صاحبزادیوں اور ازواجِ مطہرات والے
الطَّاهِرَاتِ وَالْعُلُوِّ عَلَى الدَّرَجَاتِ
ہیں ، اور بلندیٔ درجات ، زمزم

وَالزَّمْزَمِ وَالْمَقَامِ وَالْمَشْعَرِ الْحَرَامِ
مقامِ ابراہیم اور مشعر حرام والے،

وَاجْتِنَابِ الْاٰثَامِ وَتَرْبِيَةِ الْاَيْتَامِ
گناہوں سے پرہیز کرنے والے، یتیموں کی تربیت فرمانے والے

وَالْحَجِّ وَتِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ وَتَسْبِيحِ
حج، تلاوتِ قرآن، اللہ تعالیٰ کی

الرَّحْمٰنِ وَصِيَامِ رَمَضَانَ وَاللِّوَآءِ
تسبیح اور رمضان کے روزوں والے، باندھے ہوئے

الْمَعْقُودِ وَالْكَرَمِ وَالْجُودِ وَالْوَفَآءِ
جھنڈے، بخشش و کرم والے اور وعدوں کو

بِالْعُهُودِ صَاحِبِ الرَّغْبَةِ وَالتَّرْغِيبِ
پورا کرنے والے، نیک کاموں کی رغبت رکھنے والے اور رغبت دلانے والے

وَالْبَغْلَةِ وَالنَّجِيبِ وَالْحَوْضِ وَالْقَضِيبِ
نجیب نامی گھوڑے والے، حوض کوثر کے مالک اور تلوار والے،

النَّبِيِّ الْاَوَّابِ النَّاطِقِ بِالصَّوَابِ
اللہ تعالیٰ کی طرف بکثرت رجوع کرنے والے نبی، حق کہنے والے نبی

الْمَنْعُوتِ فِي الْكِتَابِ النَّبِيِّ عَبْدِ اللهِ
جن کی تعریف کتاب میں کی گئی، اللہ تعالیٰ کے مکرم بندے

النَّبِيِّ كَنْزِ اللهِ النَّبِيِّ حُجَّةِ اللهِ النَّبِيِّ
نبی، اللہ تعالیٰ کے خزانے، نبی، اللہ تعالیٰ کی حجت، نبی، وہ نبی

مَنْ اَطَاعَهٗ فَقَدْ اَطَاعَ اللهَ وَمَنْ
جس نے ان کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی اور جس

عَصَاهُ فَقَدْ عَصَى اللهَ ۝ النَّبِيِّ الْعَرَبِيِّ
ان کی نافرمانی کی اس نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی۔ نبی عربی

الْقُرَشِيِّ الزَّمْزَمِيِّ الْمَكِّيِّ التِّهَامِيِّ
قریشی، زمزم والے، مکۂ مکرمہ اور تہامہ والے

صَاحِبِ الْوَجْهِ الْجَمِيْلِ وَالطَّرْفِ
حسین چہرے اور سرمگیں آنکھوں والے

الْكَحِيْلِ وَالْخَدِّ الْأَسِيْلِ وَالْكَوْثَرِ
پُرکشش رخسار والے، کوثر و

وَالسَّلْسَبِيْلِ قَاهِرِ الْمُضَادِّيْنَ مُبِيْدِ
سلسبیل والے، مخالفوں پر غلبہ پانے والے،

الْكَافِرِيْنَ وَقَاتِلِ الْمُشْرِكِيْنَ قَائِدِ الْغُرِّ
کافروں کو ہلاک کرنے والے، مشرکوں کو قتل کرنے والے

الْمُحَجَّلِيْنَ اِلٰى جَنَّاتِ النَّعِيْمِ وَ
چمکدار اعضاء والوں کے راہنما جنّتِ نعیم اور

جَوَارِ الْكَرِيْمِ صَاحِبِ سَيِّدِنَا
کریم کی پناہ کی طرف، سیّدنا

جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَسُوْلِ
جبریل علیہ السلام سے مصاحبت رکھنے والے،

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَشَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ
تمام جہانوں کے پروردگار کے رسول، گناہگاروں کے شفیع اور

وَغَايَةِ الْغَمَامِ ۝ وَمِصْبَاحِ الظَّلَامِ
ابرِ رحمت کی انتہا تاریکیوں کے چراغ اور

وَقَمَرِ التَّمَامِ ۝ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ
چودھویں کے چاند ہیں ۔ اللہ تعالیٰ ان پر اور ان کی

عَلٰٓى اٰلِهِ الْمُصْطَفِيْنَ مِنْ اَطْهَرِ جِبِلَّةٍ
آل پر رحمت نازل فرمائے جو پاکیزہ ترین گروہ سے

صَلٰوةً دَآئِمَةً عَلَى الْاَبَدِ غَيْرَ مُضْمَحِلَّةٍ
منتخب ہیں ، ایسی رحمت جو ہمیشہ ہمیشہ ہو ، منقطع نہ ہو ، اللہ تعالیٰ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهِ صَلٰوةً يَّتَجَدَّدُ
ان پر اور ان کی آل پر ایسی رحمت نازل فرمائے جس کے ساتھ

بِهَا حُبُوْرُهٗ وَيُشَرَّفُ بِهَا فِي الْمِيْعَادِ
آپ کی خوشی تازہ ہوتی رہے اور اس کے ساتھ قیامت

بَعْثُهٗ وَنُشُوْرُهٗ ۝ فَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
کے دن آپ کا اُٹھنا اور تشریف لانا مشرّف ہو ۔ پس اللہ تعالیٰ ان پر اور

وَعَلٰٓى اٰلِهِ الْاَنْجُمِ الطَّوَالِعِ صَلٰوةً
ان کی آل ، چمکنے والے ستاروں پر ایسی رحمت

تَجُوْدُ عَلَيْهِمْ اَجْوَدَ الْغُيُوْثِ الْهَوَامِعِ
نازل فرمائے جو ان پر موسلا دھار برسنے والے بادلوں کی طرح برسے

اَرْسَلَهٗ مِنْ اَرْجَحِ الْعَرَبِ مِيْزَانًا
اللہ تعالیٰ نے انہیں بھیجا قدر و منزلت میں افضل ترین عرب سے

وَّاَوْضَحِهَا بَيَانًا وَّاَفْصَحِهَا لِسَانًا
بیان میں ان سے واضح ترین ، زبان میں ان سے زیادہ فصیح

وَّاَشْمَخِهَا اِيْمَانًا وَّاَعْلَاهَا مَقَامًا
ایمان میں زیادہ بلند ، مقام میں بہت اعلیٰ

وَّ اَحْلٰھَا کَلَامًا وَّ اَوْفٰھَا ذِمَامًا وَّ
سب سے بزرگی میں، شیریں بہت میں کلام
اَصْفٰھَا رَغَامًا ○ فَاَوْضَحَ الطَّرِيْقَةَ
اعلیٰ، اور نسب میں ان سب سے زیادہ صاف۔ پس آپ نے دین کا راستہ واضح
وَ نَصَحَ الْخَلِيْقَةَ وَ شَهَّرَ الْاِسْلَامَ وَ
کیا، مخلوق کو نصیحت کی، اسلام کو شہرت دی، بتوں کو توڑ
كَسَّرَ الْاَصْنَامَ وَ اَظْهَرَ الْاَحْكَامَ وَ
ڈالا، احکام کو ظاہر کیا، حرام
حَظَرَ الْحَرَامَ وَ عَمَّ بِالْاِنْعَامِ
سے منع کیا اور نعمتوں کو عام کر دیا
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ عَلٰى اٰلِهٖ فِيْ كُلِّ
اللہ تعالیٰ ان پر اور ان کی آل پر ہر مجلس اور ہر
مَحْفِلٍ وَّ مَقَامٍ اَفْضَلَ الصَّلٰوةِ
مقام میں افضل ترین رحمت اور سلامتی
وَ السَّلَامِ ○ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ عَلٰى
نازل فرمائے۔ اللہ تعالیٰ ان پر اور ان کی آل پر
اٰلِهٖ عَوْدًا وَّ بَدْءً صَلٰوةً تَكُوْنُ
اوّل اور آخر رحمت نازل فرمائے ایسی رحمت جو ذخیرہ
ذَخِيْرَةً وَّ وِرْدًا ○ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
اور وظیفہ ہو۔ اللہ تعالیٰ ان پر اور ان کی اولاد
وَ عَلٰى اٰلِهٖ صَلٰوةً تَامَّةً زَاكِيَةً
پر کامل اور پاکیزہ رحمت نازل فرمائے

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهِ صَلٰوةً يَّتْبَعُهَا

اللہ تعالیٰ ان پر اور ان کی آل پر ایسی رحمت نازل فرمائے

رَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ وَّيَعْقُبُهَا مَغْفِرَةٌ وَّرِضْوَانٌ ○

جس کے پیچھے راحت اور آسانی ہو، اور اس کے پیچھے مغفرت اور رضا ہو،

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى اَفْضَلِ مَنْ طَابَ مِنْهُ

اللہ تعالیٰ اس افضل ذاتِ اقدس پر رحمت نازل فرمائے جن سے نسب

النِّجَارُ وَسَمَا بِهِ الْفَخَارُ وَاسْتَنَارَتْ بِنُوْرِ

کو پاکیزگی ملی جن کی بدولت قابلِ تعریف صفات بلند ہوئیں، جن کی

جَبِيْنِهِ الْاَقْمَارُ ○ وَتَضَاءَلَتْ عِنْدَ جُوْدِ يَمِيْنِهِ

پیشانی کے نور سے چاند روشن ہوئے اور جن کے دستِ کرم کی سخاوت کے آگے بادل

الْغَمَائِمُ وَالْبِحَارُ سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ

اور دریا ہیچ ہو گئے، ہمارے آقا اور نبی حضرت

بِبَاهِرِ اٰيَاتِهِ اَضَاءَتِ الْاَنْجَادُ وَالْاَغْوَارُ ○ وَ

محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم جن کی روشن آیتوں سے بلند اور پست زمینیں جگمگا اٹھیں اور

بِمُعْجِزَاتِ اٰيَاتِهِ نَطَقَ الْكِتَابُ وَتَوَاتَرَتِ

جن کی آیتوں کے معجزات قرآن پاک اور متواتر حدیثوں نے

الْاَخْبَارُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهِ وَاَصْحَابِهِ

بیان کیئے، اللہ تعالیٰ ان پر، ان کی آل اور ان کے اصحاب

الَّذِيْنَ هَاجَرُوْا لِنُصْرَتِهِ وَنَصَرُوْهُ فِيْ هِجْرَتِهِ

پر رحمتیں نازل فرمائے جنہوں نے آپ کی امداد کے لیے ہجرت کی اور آپ

فَنِعْمَ الْمُهَاجِرُوْنَ وَنِعْمَ الْاَنْصَارُ صَلٰوةً

کی ہجرت میں امداد کی، پس مہاجر اور انصار کتنے اچھے تھے؟ ایسی

نَامِيَةً دَائِمَةً مَّا سَجَعَتْ فِىْ اَيْكِهَا الْاَطْيَارُ
رحمت جو روز افزوں ترقی پر اور ہمیشہ ہو جب تک پرندے اپنے جنگلوں میں چہچہائیں

وَهَمَعَتْ بِوَبْلِهَا الدِّيْمَةُ الْمِدْرَارُ ضَاعَفَ
جنگلوں میں چہچہائیں اور موسلا دھار بارش مزید قوت کے ساتھ برسے،

اللّٰهُ عَلَيْهِ دَائِمَ صَلَوَاتِهٖ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
اللہ تعالیٰ اپنی دائمی رحمتوں کو ان پر دوگنا فرمائے۔ اے اللہ! ہمارے

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ
آقا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی پاکیزہ اور بزرگ

الْكِرَامِ صَلٰوةً مَّوْصُوْلَةً دَائِمَةَ الْاِتِّصَالِ
آل پر ایسی رحمت نازل فرما جو مسلسل ہو اور وہ ہمیشہ کے لیے

بِدَوَامِ ذِى الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۝ اَللّٰهُمَّ
صاحب جلال اور بخشش کے دوام سے متصل ہو۔ اے اللہ!

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ هُوَ قُطْبُ
ہمارے آقا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمت نازل فرما

الْجَلَالَةِ وَشَمْسُ النُّبُوَّةِ وَالرِّسَالَةِ وَالْهَادِىْ
جو بزرگی کے قطب، نبوت و رسالت کے آفتاب، گمراہی سے

مِنَ الضَّلَالَةِ وَالْمُنْقِذُ مِنَ الْجَهَالَةِ
ہدایت کی طرف لے جانے والے، اور جہالت سے نجات دینے والے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً دَائِمَةَ الْاِتِّصَالِ
ہیں، اللہ تعالیٰ ان پر رحمت و سلامتی نازل فرمائے ایسی رحمت

وَالتَّوَالِىْ مُتَعَاقِبَةً بِتَعَاقُبِ الْاَيَّامِ وَاللَّيَالِىْ ۝
جو ہمیشہ مسلسل اور پے در پے ہو اور دنوں اور راتوں کی گردش کے ساتھ جاری رہے۔

اَلْحِزْبُ الثَّامِنُ فِیْ یَوْمِ الْاِثْنَیْنِ

آٹھویں منزل پیر کے دن پڑھی جائے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الزَّاھِدِ

اے اللہ! ہمارے آقا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم دنیا سے

رَسُوْلِ الْمَلِکِ الصَّمَدِ الْوَاحِدِ صَلَّی اللّٰہُ

بے نیاز نبی، بادشاہ، بے نیاز اور واحد حقیقی کے رسول، اللہ تعالیٰ

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً اِلٰی مُنْتَھَی الْاَبَدِ

ان پر ایسی رحمت نازل فرمائے جو زمانہ کی آخری جز تک منقطع اور ختم ہوئے

بِلَا انْقِطَاعٍ وَّلَا نَفَادٍ صَلٰوۃً تُنْجِیْنَا بِھَا

بغیر ہمیشہ جاری رہے، ایسی رحمت ہو کہ تو ہمیں اس کے سبب جہنم

مِنْ حَرِّ جَھَنَّمَ وَبِئْسَ الْمِھَادُ ○ اَللّٰھُمَّ

کی گرمی اور برے ٹھکانے سے نجات دے۔ اے اللہ!

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی

ہمارے آقا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نبی اُمّی اور ان

اٰلِہٖ وَسَلِّمْ صَلٰوۃً لَّا یُحْصٰی لَھَا عَدَدٌ وَّلَا

کی آل پر اتنی رحمتیں اور سلام نازل فرما جن کی گنتی نہ کی جا سکے

یُعَدُّ لَھَا مَدَدٌ ○ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

اور اس میں زیادتی نہ کی جا سکے اے اللہ! ہمارے آقا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُکْرِمُ بِھَا مَثْوَاہُ وَتُبَلِّغُ بِھَا

پر ایسی رحمت نازل فرما جس کے ذریعے تو ان کی آرام گاہ کی عزت میں اضافہ کرے اور اس کی

یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ مِنَ الشَّفَاعَۃِ رِضَاہُ ○

بدولت قیامت کے دن شفاعت سے ان کی رضا کو پورا فرمائیے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاَصِيْلِ
اے اللہ! ہمارے آقا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نبی

السَّيِّدِ النَّبِيْلِ الَّذِيْ جَآءَ بِالْوَحْيِ وَالتَّنْزِيْلِ
عالی نسب، سردار، صاحبِ عظمت جو وحی اور قرآن پاک لائے، واضح طور

وَاَوْضَحَ بَيَانَ التَّاوِيْلِ وَجَآءَهُ الْاَمِيْنُ
پر تفسیر بیان کی، ان کے پاس سیدنا

سَيِّدُنَا جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِالْكَرَامَةِ وَ
جبریل امین علیہ السلام عزت اور فضیلت لائے

التَّفْضِيْلِ وَاَسْرٰى بِهِ الْمَلِكُ الْجَلِيْلُ فِي اللَّيْلِ
صاحبِ جلالت بادشاہ نے انہیں تاریک اور دراز رات میں

الْبَهِيْمِ الطَّوِيْلِ فَكَشَفَ لَهٗ عَنْ اَعْلَى الْمَلَكُوْتِ
سیر کرائی، پس ان کے لیے عالم ملکوت کو منکشف فرمایا اور انہیں

